سخت تھا غم سی حال عالم کا — ہر طرف ایک شور ماتم کا
تھا غرض سب پہ کچھ یہ سخت الم — ترہی جسکی بیان سی چشم قلم
یار اوسکی جو تھی یہ پاکی خیر — خاک اوس داغ سی ہوئی جلکر

هوئی هر لذت اوسکو نا مانوس تلخ اوسکی نظر مین ساق عروس
کبھی گھبراکی پیش حاکم شہر بیٹھا آنکر وہ فتنہ انگیز دھر
کبھی ہوتا نہاکی بادلہ پوش دیکھ جسکو جل اٹھتی شہر ہوش
کبھی ہوتا بسیر وصید سوار کبھی پھرتا چمن مین رنگ بہار
تھا کبھی اوسکو ساتھ سرو کی کار کبھی کرتا وہ رخ سوی گلزار
شوق رکھتا کبھی شراب کی ساتھ شغل کرتا کبھی کباب کی ساتھ
کبھی کرتا وہ سیر دشت وکوہ تا کہ خاطر سی دور ہو اندوہ
تھا وہ رہتا اسی طرح مشغول تا نہو دل کسی طرح سی ملول
لیکن اوسکو فراق یارون کا چین دیتا کسی طرح سی نہ تھا
آخر اوسکا دل ایک جا نہ لگا تھا جو غم اوس سیٔ بھی زیادہ ہوا
شمع کی رنگ وہ لگا جلنی سوخت ہو ہو لگا بدن گلنی
تھا یہہ رنج الغرض اوسکو کہ ہوا گرم تر مرض اوسکو
تپ نی اوسکا بدن یہہ پھوک دیا کہ جلاکر اوسی کباب کیا
ہوئی آخر اوسی یہہ بیماری کہ ہوی اوسپہ زندگی بھاری
جب ہوا تنگ یہان تک اوسکا حال کہ ہوا لطف زیست اوسکو وبال
تھی جہان تک طبیب دنیا کی ہوئی وہان جمع یہ خبر پاکی
سب نین اوسکو جوآن کر دیکھا حال اوسکا تباہ تر دیکھا
وہان لگی کرنی سب علاج اوسکا پسای اصلاح تا مزاج اوسکا
تھی جہان تک طبیب وہان حاضر نہوئی اپنی فکر سی قاصر
کچھ دوا دینی ولی اثر نہ کیا جو مرض تھا اوسی زیادہ ہوا
یون کچھ اوسکا پھرا دوا سی مزاج کہ ہوئی برخلاف دی جو علاج

اسی صورت سی بیخطر اوس جا — رهی خوابیده تا سحر اوس جا
روز روشن هوا جو وقت سحر — حاکم شهر کو یه پهنچی خبر
که عجب ایک نو گر رعنا — رات سی آنکر هی یهان اترا
سرو هی جسکی سرو کا بنده — لاله هی جسکی رخ سی شرمنده
هی کوئی ایک عجب هی طرفه بهار — داغ هی جسکی غم سی لاله زار
روی مهر اوسکی رو برو تاریک — بدر شکل هلال سی باریک
حاکم شهر نی یه سنکی خبر — لاگی بی اختیار دل اوس پر
کی بصد آرزو پری خوانی — گهر بلایا اوسی به مهانی
ایک دیکها نگار عشوه طراز — هر مژه جسکی تهی تمامی ناز
دیکه حاکم نی اوسکی صورت وشکل — دلسی کم کی هوای شرب واکل
مرحمت کرکی عمده یک تشریف — رهنی کی خاطر اوسکی دی تکلیف
که یه معمور جان اپنا گهر — شوخیون سی اسی خراب نکر
ره یهان چند روز تو مهمان — جلد یهان سی روان نهو ایجان
عذر تها اوس جگه جو نا منظور — کرنی اوسکو پڑی مقام ضرور
کر دیا ساتهیونکو وهان سی وداع — دل کمال تپش سی گرم سهاع
هوئی راهی هر ایک هجر سی داغ — نوک مژگانسی تا بدامان باغ
اشک افشان هر ایک شخص روان — شدت غم سی کرتی آه وفغان
گرم بارش تهی بسکه دیده تر — تها یهی آب ودانی زاد سفر
جمله مردم بچشم اشک فشان — تا کمر سیل آب مین تهی روان
نالـه کرتی هوئی برنج ومحن — خوار وخسته گئی بسوی وطن
جو وهان سب سی رها ومهر جدا — هوئی وحشت اوس کمال اوس جا

تھی یہ کچھ خوب پاومین خلخال — ہالہ ماہ جس سی ہو پامال
چشم مین تھا کھچا یہ سرمہ ناز — کہ عیان جس سی ایک تھا اعجاز
تھی بھبھوکا یہ سرخی تنبول — جل اٹھی جسکی آگی استنبول
جلوہ عارض ایک لعبت باز — مزہ کا سایہ تس پہ عشوہ نواز
دیکھ اوسکی حنا کو پنجہ گل — خون کر ڈالتا دل بلبل
ہو عروسا نہ جتنی آرایش — سب مہیا تھی بیغل و بیغش
آس پاس اوسکی یون یگانی جمع — جیسی فانوس ہو بگرد شمع
داغ فرقت سی پر ہر ایک کباب — درد واندوہ سی سراپا آب
نغمہ اوس جا بدل ہوا بغفان — ہو کیا ایک حشر تازہ عیان
ہجر سی ہمسنین تھین از بس داغ — ہو گیا لالہ زار تھا وہ باغ
پس وداع عروس تھی جو ضرور — ہوئی رخصت ہر ایک شخص بزور
چھوڑکر روتی اپنی خویش وتبار — ماہ آخر ہوئی محفہ سوار
باپ نی دی جہیز مین اوسکو — ایسی ایسی متاع جو کم ہو
ہوکی رہی وہانسی ہمرہ مہر — سب براتی بصد محبت ومہر
مہ جبین کی تئین لی ہمراہ — آئی منزل پہ کرکی طی وہ راہ
کمربن کھولکرکی اوس جا تب — ہوئی آسودہ رنج راہ سی سب
سرو رعنا ہوا برنگ نسیم — ایک حجلہ مین کل کی ساتھ مقیم
یعنی عیش ونشاط سی باہم — لیٹی ایک سیج پر وہ دونو صنم
چار چشم اس طرح ودونو نگار — آئینہ آئینہ سی جیون ہو دو چار
ہوئی از بس وہ دونو ہم بستر — ہو گئی خوابگاہ دو پیکر
سینہ بر سینہ لب بہ لب دونو — رہی لیٹی تمام شب دونو

جب فراغت رسوم سی پائی — فکر رخصت هر ایک کو آئی
هوی از سر عروس پهر هر هفت — پهن کر یک لباس از زربفت
چاهی جتنی زیب و زیبایش — از سر نو هوئی سب آرایش
رخصت اوسکا هوا تمام زری — آتشی رنگ مثل رنگ پری
جامه تن پر برنگ جامه حور — سبز اور سرخ تها تمامی نور
سایه اوسکا یه تها مرصع پوش — خلق کا جسکو دیکه اڑتا هوش
هو جو پوشاک نادر و خوشتر — تهی سب آرسته وهان تن پر
هین جهان تک جهان مین زیور خوب — تن په اوسنی سجی بصد اسلوب
کچهه تماشا یه کان کی بالی — ماه کی گرد جیسی دو هالی
بالیان اس طرح چمکتی تهین — بجلیان جنکی شکل تکتی نهین
تهی مرصع کچهه اس طرح کی پات — که نهین سکتی کوئی جنکی بات
یه تماشا تهی جهومکی والله — جن په دل کرتی جهومکی والله
ناک مین تها وه حلقه بینی — تهی عیان جس سی ایک خود بینی
تها جو گردنمین ایک هار گهر — کهکشان کهی یا مه انور
دیکه چنپا کلی کی عالم کو — هوتی یک بی کلی دو عالم کو
اسطرح تها چمک رها جگنون — تها چمک جسکی تک رها جگنون
دمکدمکی دیکهی تو کچهه ایسی — خلق کا جس سی دمکدمکی مین جی
کچهه یه رکهتی تهی نور تن عالم — جنهین کهتا تها نور تن عالم
گر رقم کیجی وصف بازو بند — خامه چلنی سی هاتهه مین هو بند
کچهه مرصع یه هاتهه مین پهنچی — که چمک جسکی دور تک پهنچی
انگلیون مین وه پهنی تهی چهلی — جن سی دل یک جهان کا چهلی

صحن وهانکا به از بهشت بریـن — لاله رخسار وهانکی حور العیـن
هـر طرف هـو رهی چمن گلزار — سیکڑون رنگ کی وهان په بهـار
فرش کو دیکهی تـو کچهه ایسـا — بـاغ بهی جسکی آگی مرجهاتا
تهی یه روشن چراغ و شمع وهـان — منفعـل جنکی آگی روی بتـان
ایک طرف رقص خیل پریـون کا — ایک طرف راگ ورنگ حورون کا
ایک طرف ناچتی تهی فتنه ادا — هر طرف جن سی حشر تها برپـا
چرخ زن تهی جو پهنی جامـه آل — شعلـه حسـن تهـا هـوا جوّال
هـر طرف سرو می پی سرشار — دست افشان برنگ نخل چنـار
نخـل عیش و نشـاط لایـا بـار — بـزم عیش وطرب هـوی تیـار
تهی جو اوس وقت لوگ آئین دان — جمع هـو سب نی با دل خندان
وهانکی آئـین کی مواقـف هـو — منعقـد مهر سی کیـا ماه کـو
پهـر وهان غلغـل مبارک بـاد — فکـر عالم کی لی گیـا از یـاد
هـر طرف ساقیون نی دی آواز — می عشرت سی سب هوی دمساز
کشتی می روان هوی اس رنـگ — که وهان نمـود شهر فرنـگ
تهی جو از بس صدای نوشانـوش — هـر طرف حشر مارتا تهـا جوش
پرتـو افکـن هوی زبسکی شراب — مرغ زرّیـن هوا وهان په کباب
هو جهانتک خوشی جهانکی بیچ — سب مهیّا تهی اوس مکانکی بیچ
کوئی اوسوقت تهـا نهین ایسـا — که نه تها شاد و خنده لب اوس جا
الغـرض یه تمـام عیش وطرب — رهی محفل مین تا بـه آخر شب
هوی جس دم که صبح جلوه نمـا — شب هوی پرده پـوش دن نکلا
تهین جو رسمین ضرور و غیر ضرور — آئین دونو طرف سی وهان به ظهور

روشنی کا هجوم تها اس رنگ — که اندهیرا نه تها کیی فرسنگ
نور افشان جو هو رهی تهی انار — تهی پُر از نور کوچه و بازار
کچه عجب تها سما هوائ کا — نور تها جسمین یک خدائ کا
ماهتابی تهی یون جهان افروز — که مبدل هوئ تهی شب با روز
پهول کاغذ کی ایسی کچه خوش رنگ — هو روان جیسی چار سوئ فرنگ
جو کچه آرایش شهانه هو — سب تهی جو نادر زمانه هو
جب کئی یک پهر سی آگی رات — هوئ تیار بیاهنی کو برات
بیٹهه گلگون کی پشت پر گلرو — روشنی دیکهتا هوا هر سو
منه چهپای هوئ بزیر نقاب — جیسی هو عکس ماه بموجه آب
ماه کا گهر جدهر اودهر کی طرف — زر لٹاتا چلا بعز و شرف
تها وه ایک ابلق اوسکا زیر ران — روز و شب جسکی رنگ سی حیران
جامه زر بدن مین پهنی هوئ — سب تهی اوسکی جلومین چهوٹی بڑی
شور ڈنکی سی یه سواری مین — رعد تها جس سی بیقراری مین
تهی یه اوس جا صدای نقاره — که جگر دشمنون کی تهی پاره
گئی بانگ نفیر تا به فلک — بهر گئی حس سی گوش حور و ملک
ساری وه راه جب هوئ آخر — قصر تب ماه کا هوا ظاهر
جشن کرتی هوئ بعیش و طرب — هوئ داخل محل کی اندر سب
وهان عجب هی مکان ای نظر — چشم کی شکل هر طرف منظر
تها کچه اوس طرح کا وه قصر بلند — پست تها جسکی رو برو الوند
کچه یه دروازه خوبتر اوسکا — که نه تها مثل کوئ گهر اوسکا
تهی عجب قطع کی مکان و هانکا — طاق ابروی دلبران وهانکا

اختر برج حسن یعنی مہر — اب ہوا چاہتا ہی داخل شہر
والد ماہ نی یہہ سن خوش ہو — ڈھونڈکر ایک مرد قابل کو
آگی آگی روان گیا فی الحال — لای تا مہر کو باستقبال
وہانسی اوس شخصنی روان جہت ہو — شہر کی باہر آ لیا سب کو
قافلی پر گئی جو اوسکی نظر — نرہی پھر اوسی کچھہ اپنی خبر
نظر آیا اوسی عجب ہی وہان — ایک شہر روان پر از غلمان
لیی وہانسی برات کو ہمراہ — جانب شہر وہ پھرا ناگاہ
دیکھکر شکل اور صورت مہر — شاد لگی ہونی مردم شہر
سبکو لایا بجای نیک فرود — ساری سامان کر دی موجود
رات بھر وہان پہ جملہ اہل برات — عیش سی کاٹتی رہی ہوی اوقات
دوسری دن جو دونو جانب سی — ہوئی سامان کر خدائی کی
دونو گھر چاہی جو کچھہ تہا سب — ایک دم مین ہوا مہیا سب
جب دن آخر ہوا اور آئی رات — ہوئی آرستہ تمام برات
سب پہن کرکی جامہ زرتار — ہوئی نوشہ کی ساتھہ وہان تیار
تہی جو پژمردہ تازہ جان ہوئی — پیر فرتوت نو جوان ہوئی
بادلہ پوش کتنی مثل برق — جنکی پرتو سی گھر بصورت شرق
مشعلین تہین زبسکہ جلوہ کنان — در و دیوار تہی سب آئینہ سان
تہا چراغون سی اس قدر جلوہ — ہو ستارون سی جس قدر جلوہ
روشنی سی تہی اسطرح کی بہار — صحن ہر خانہ جس سی تہا گلزار
روشن انواع سی سواد شہر — نور سی نور یاب روی دہر
اس قدر تہی بہار شمع و چراغ — کہ منور تہی ساری باغ و راغ

کچھ یہ سبزی تھی اور شادابی — چشم مین جس سی آتی سیرابی
تھا یہ آباد کیا کہون وہ شہر — مثل جسکا ندیکھی چشم دہر
تھا وہانکا جو چوک اور بازار — مجھ سی اوسکا نہو سکی اظہار
دیکھکر وہانکی خوبی دوکان — ساری عالم کی عقل ہو حیران
تھا وہانکا ہر ایک کاشانہ — بی شک وشبہ آینہ خانہ
کچھ عجب ہی تھی اوسکی آبادی — کہ نہ تھا شغل وہان بجز شادی
ساتھ ان خوبیونکی تھا وہ شہر — اور اوسکی طرف روان تھا مہر
تھا سوار ایک ایسی توسن پر — جست سی جسکی تھا بپا محشر
پویان اوسکی رشک باد صبا — ماہ نو کی طرح سی نعل نما
دم رفتار مثل خندہ گل — وقت شوخی برنگ نشا مل
تیزیون مین کہیں جو آجاتا — برق کی بھی چمک کو شرماتا
ہوی دیکھ اوسکی تیز رفتاری — منفعل باد تند یکباری
تاخت کی وقت دیکھکر ہر یک — تھا یہ کہتا کہ برق ہی بیشک
تھی جو ہم عمر اوسکی سب ہمراہ — رشک خورشید اور غیرت ماہ
پہنی ہر یک جامہ پر زر — ساتھ اوسکی سوار گھوڑون پر
بادلہ پوش ہر ایک آتش رنگ — جنکی آگی خجل بتان فرنگ
شاد ومسرور ساری خویش وتبر — می عشرت پی ہوی سرشار
قافلہ ایک با سر و سامان — ڈھونڈی جو چیز سب وہان ارزان
جب اسی طرح قافلہ اوسکا — راہ طی کر قریب جا پہنچا
ہو گیا قصہ سفر کوتاہ — مہر پہنچا قریب شہر ماہ
تھا تردد مین والی دختر — کہ خبر دی یہ پیک نی جاکر

لطف ظاهر هوا بجای عتاب — شیرہ جان ہو گیا شکر اب
گرم هنگامہ کیا هوا طنبور — پردہ گوش ہو گئی معمور
کی حلاوت یہ عیش نی پیدا — کہ شکر خند نالہ نئی تھا
تھی وہاں کشتی گدائی گر — ہو کی وہ ساز خنیا گر
تھا ربابی کی پاس دام فریب — ہوی جسکی اسیر ہوش وشکیب
سنکی قانون بوعلی سینا — اپنی قانون کو اٹھا رکھتا
بج رہا اس طرح سی تھا مردنگ — جسکی آواز سی جہان تھا دنگ
تھی یہ آواز زنگلہ دلکش — جس سی جن و بشر کو آتا غش
ہو رہین تھین جو لولیان رقاص — شاد بیٹھی ہوئی تھی عام خاص
تھی کچھ اس طرح ماہر پا کوب — ہو گیا جنکی آگی مہر غروب
دیکھکر رقص سرو قدونکا — سرو حسرت سی خاک مین گرتا
چرخ زن کتنی فتنہ قد یون وہان — ہو جنہین دیکھ چرخ بی سامان
غمزہ تھا اسطرح سی برق افگن — جل گیا جس سی ماہ کا خرمن
کچھ عجب تھا سما عجب تھا ڈھنگ — تھا کہین راگ اور کہین تھا رنگ
ایک طرف جوش نغمہ نی کا — ایک طرف دور کشتی می کا
ہر کسیکی یہ شاد تھی خاطر — ہی قلم جسکی شرح سی قاصر
تھا دو منزل وہانسی شہر عروس — شہر تھا یا کہ تھا پر طاؤس
کیا دلاویز سواد تھا اوسکا — جسکی آگی بہشت شرماتا
فیض برستا زبسکہ تھا سحاب — تھی وہانکی زمین کل سیراب
سر نکالی ہوی ہم اشجار — جنکی سایہ نشین صبح بہار
تھی گل ازبس شگفتہ گونا گون — نظر آتی تھی سنگ بوقلمون

چشم ایسی خجل هون جنسی غزال — منفعل ابروؤنکی آگی هلال
خوبی چشم اگر رقم هوؤی — شاخ نرگس وهین قلم هوؤی
سنکی اوصاف ابرو ومژگان — چهوڑدی خلق شوق تیر وکمان
دیکهکر اوسکی زلف نافه کشا — دست افسوس هوتی غالیه سا
هونٹهه وقت سخن جو کهل جاتا — بوسه حسرت سی جان تها دیتا
دُر دندان کی وصف لکهی اگر — هو هر ایک سطر رشک سلک گهر
قامت اوسکا جو فتنه پناه — قصهٔ سرو هو گیا کوتاه
شکل وه غیرت بتان چگل — مطلع مهر جسکی آگی خجل
رو برو اوسکی یون مه تابان — نقرئ جسطرح هو آینه دان
اپنی زلفون کو جب وه بل دیتی — پیچ مین سیکڑونکو لی لیتی
وصف عارض جهان بیان هوؤی — ماه حسرت سی وهین نهان هوؤی
جس طرف وه نگاه کرتی تهی — خلق حسرت سی آه کرتی تهی
کیا کهون اوسمین تهی جوکچه خوبی — تهی وه اوستاد طرز محبوبی
الغرض دونو گهر جو تها اسباب — هوؤی دونو طرف سی فتح الباب
بیاه کی هو جو کچهه که تیاری — هوئی موجود جمله یکباری
طرح جشن وطرب هوؤی آغاز — سو عروسی بی پائی برگ وساز
هوئی کچهه یه صدای کوس ودهل — بهر گیا گنبذ فلک مین غل
قهقهی کا هوا زبسکه هجوم — هو گیا شور حشر نا معلوم
کچهه نهال طرب یه لایا بار — گل خنده هوا هیشه بهار
چرخ انجم سی گر رها اسبند — تا نه بهیجی کسی طرف سی گزند
تها خوشی سی زبس جهان خندان — نه هوؤی ژالیونسی غنچه عیان

شام چہریکی آگی صبح بہار — صبح بالونکی آگی مشک نثار
دیکھہ اوسکی صفای گردن — ہون زخود رفتہ ساری مرد وزن
مین کہان تک بیان کرون اوسکا — وصف کیا کیا عیان کرون اوسکا
مہر مشہور تہا جو نام اوسکا — تہا ہر ایک ماہر وغلام اوسکا
تہا وہ نو خیز جس قدر کم عمر — کتنی ہم عمر اسقدر کم عمر
یک بیک اوس سی ہوکی ہم محبت — لگی رہنی ہم بصد الفت
باہم الفت سی یون تہی دل بستہ — ہو بندہا جیسی ایک گلدستہ
کوئی اونمین جدا نہ تہا ہوتا — آمد ورفت اونکی تہی ایک جا
تہی بہم اس طرح سی انس پذیر — ہو کوئی جیسی محفل تصویر
جب لڑکپن سی وہ جوان ہوا — باپ دیکھہ اوسکی تازہ جان ہوا
خوش ہوا اوسکی نو جوانی سی — کہ یہ پہل ہی زندگانی سی
ہوی تب فکر اوسکی والد کو — کہ وہ ڈھب ہو جو منعقد یہ ہی
ہر طرف اوسنی بھیجی نامہ بر — اپنی خاطر مین یہ ارادہ کر
کہ کہین کوئی ایسی نکلی راہ — مہر کی ساتھہ منعقد ہو ماہ
الغرض ڈھونڈ کرکی روی زمین — کی تلاش ایک حور ماہ جبین
یاد جسکی نگہ کی مستی خیز — دختر تاک اوسکی ایک کنیز
عصمت اوسکی عجب عجب آئین — نکہت گل کی رنگ پردہ نشین
نام دلکش جو ماہ تہا اوسکا — مشتری مہر وماہ تہا اوسکا
خندہ یون اوسکی زیر لب پنہان — جس طرح ہو چراغ دردامان
حسن سی اوسکی شرم خانہ نشین — غمزہ تہا ابروؤنسی گوشہ گزین
غنچہ گر اوسکی رو برو ہستا — پردہ در اوسکی ہوتی باد صبا

قصهٔ مهر و ماه

تھا کہیں ایک شخص دولتمند — کہ وہ رکھتا تھا ایک یہی فرزند
تھا وہ فرزند کچھ حسین ایسا — کہ نہ تھا خوب رو کہیں ایسا
دیکھکر خوش خرامیان اوسکی — کبک کرتی غلامیان اوسکی
قد وقامت عجب قیامت تھا — یک سراپا خدا کی قدرت تھا
گرد اوسکی قدم کی سرمهٔ ناز — زلف کی اوسکی بندہ عمر دراز
تھا قیامہ یہ آفت دوران — ہو جسی دیکھ آینہ حیران
گرگرون وصف زلف پر خم کا — سنکی درہم ہی حال عالم کا
ابرو وچشم کی جو کیجی یاد — سورہ نون اور سورہ صاد
مژہ شوخی کی وقت صید انداز — خستہ ناز جن سی سینہ باز
کام اوسکی نگہ کی جلوہ گری — پر نہان خلق سی بشکل پری
کاتب وحی اوسکی خط سی خال — یا کی قرآن رو بروی بلال
خط خضر او لب بشکل کلیم — لعل رشک مسیح چشم سقیم
خندہ زن اوسکی لبسی جام عقیق — لعل سی اوسکی زندہ نام عقیق
عارض ایسی کچھ آفت گلزار — منفعل جنکی آگی روی بہار
وصف رخ کا اگر رقم کیجی — شاخ گل کی تئن قلم کیجی
گل نہ ایک اوسکی آگی دست بدل — شمع شرمندگی سی پای بگل
چاہ غبغب سی ہو اگر آگاہ — باولی بنکی ڈوبی خلق الله
یاد آوی جو کان کی خوبی — بھول جاوی جہان کی حوبی
ہی جنھین عقل ودور بینی کچھ — ہوا ونہین سی بیان بینی کچھ

سی جو تو نی فرید سی بیمروتی کی قبلہ گدھی کی خاطر سی مین تجھی کچھ نکہہ سکا والا نہ تیری زور و مردانگی کی قدر معلوم تھی اور اب وہ باتین مناسب نہین مین چاہتی بخلاف آگی کی اپنی بھائی کی ساتھہ اخلاص ومحبت کر اور نزاع چھوڑی کہ بڑی بھائی سی لڑنا خوب نہین اور میان حسن نی اپنی جیتی جی ہر ایک لڑکی کو جاگیر علاحدہ تقسیم کر دی تھی اس پر قناعت کر اور ریاست سی ہاتھہ اٹھا کہ یہ حق بڑی بھائی کا ہی اور اگر لڑائی سی باز نہ آئیگا تو غیرونکا محتاج ہوگا اور کوئی تجھی بھلا نہ کہیگا کسواسطی کہ سبب بدنامی اور پرگنون کی ویرانی کا ہی

لڑائی سی پہنچی ہی یہان تک سخن
کہ ویران ہین قبایلان وخاندان کہن

سلیمان نی کہا اگر بھائی مجھپر شفقت ومہربانی فرمائیگا تو اسکی خدمت سی مجھی بھی ننگ نہین بعد اسکی میان حسن کی مرنی کی شیر خان کو لکھکر بھیجی خبر کی پہنچتی ہی شرط ماتم کی بجالایا اور جو کچھہ ماجرا سلیمان وغیرہ کا تھا دولتخان سی اظہار کیا اسنی کہا کسوطرح کا دل مین اندیشہ نکر ان شاء اللہ تعالی پادشاہ دونون پرگنون کی سند تجھی دیگا پھر دولتخان نی پادشاہ سی تہام ماجرا عرض کرکی دونون پرگنون کی ریاست کا فرمان لی فرید کو رخصت کر حضور مین آیا جب فرید پرگنون مین پہنچا سب عزیزون نی فرمان کو قبول کیا سلیمان نی دیکھا فرید سی عہدہ برآ نہو سکونگا محمد خان سور داؤد شاہ خیل جو پندرہ سو سوار کا رسالہ دار اور حاکم پرگنہ جوند کا تھا اسکی پاس گیا

خاطر جمع رکھ میان حسن کی حقیقت حضورانور مین عرض کرونگا اور
جہان پناہ سی دونون پرگنون کی سند لیکر تجھی دونگا پھر دولتخان
نی میان حسن کی ماجری کی عرضی حضور اقدس مین گذرانی اور
عرض کیا فرید جوان قابل ھی اور ایک مدت دونون پرگنون کی ریاست
کی ھی اور رعیت وسپاہ سب راضی ھی اگر قبلہ عالم اسی دونون
پرگنون کی سند عنایت کریں تو وہ یا اسکا بھائی پان سو سوار سی جو
خدمت فرماوین سو بجالاوی پادشاہ نی فرمایا کیا وہ برا آدمی کہ اپنی
باپ کا گلہ کرتا ھی دولتخان نی فرید سی کہا یہ بات پادشاہ کی زبان
سی نکلی لیکن تو غمگین نہو ان شاء اللہ تعالی حضور سی دونون
پرگنونکی پروانگی لیکر تجھی دونگا اور تیری احوال سی غافل نرھونگا
جب یہ ماجرا سنا نہایت دلگیر ھوا پھر دولتخان کی تسلی سی اسکی
پاس رہا اور وہ فرید کی بخونی خبر لیتا تھا اور اتنا روزمرّی کی خرچ کو
دیتا کہ وہ جمع کرتا کتنی ایک مدت کی بعد میان حسن مرگیا اور سیوم
کی روز میان حسن کی پگڑی سلیمان نی اپنی سر پر رکھی جب فرید
کی بھائی حقیقی میان نظام نی سنا کہ سلیمان نی میان حسن کی دستار
اپنی سر پر رکھی جس مجلس مین کہ وہ بیٹھا تھا نظام نی اپنی لوگون
سہیت وھان جاکر اسکی سر سی پگڑی اُتار لی اور کہا فرید کی ھوتی تجھی
مناسب نہین ھی کیونکہ ایسا بڑا بھائی جو جمع اوصاف سی موصوف
اور پادشاہ کی جناب مین حاضر ھی تجھی لایق نہین کہ میان حسن کا
جانشین ھو خدا سی ڈر اور خلق خدا سی شرم کر خلاف رسم وقاعدی کی
کام کرنا سبب عداوت کا ھی جو کچھ باپ کی جیتی جی ماکی حمایت

هوا جسوقت فرید نی قطب شاہ بنگالی کی لڑائی ماری اس لڑائی مین شیخ اسماعیل نی بڑی جوانمردی کی اور جیب خان گاگڑ شیخ اسماعیل کا جو سالا تھا اسنی قطب شاہ کی ایسا نیزہ مارا کہ گر پڑا پروہ نوکر شیخ کا تھا اسواسطی یہ مشہور ہوا کہ قطب شاہ کو شیخ نی مارا پھر فرید نی اسکو خطاب شجاعت خان کا دیا اور جو ملک ہندو شیر خان کی ہاتھ آیا شجاعت خان کو اسکی حکومت دی اور ابراہیم کو خطاب سرمست خان کا عنایت فرمایا جسوقت آگری مین آیا دولتخان بیٹا بدھو کا کہ خانہ زاد اعظم خان ہمایون سروانی کا تھا اور بارہ ہزار سوار کا سردار تھا سلطان ابراہیم اسپر نہایت شفقت ومہربانی فرمایا تھا فرید نی اسی اپنا وسیلہ کیا اور اسکی ایسی خدمت کی کہ اکثر وہ کہتا کہ مین فرید کی منہ سی شرمندہ ہون اور جو مدعا رکھتا ہو سو کہی مین اپنی مقدور بھر کمین نکرونگا جب فرید نی جانا کہ دولتخان متوجہ میری حال پرہی واجب العرض لکھی کہ میان حسن بوڑھا ہوا اور اسکی حواس مین خلل واقع ہوا اور والہ ومفتون ایک لونڈی پر ہی جو وہ کہتی ہی سو کرتا ہی اور تدبیر ملک کی اسپر مقرر کی ہی اور اسکی ہاتھون سی تہم عزیز ورعیت اور دوالی بند حیران وسرگردان ہین اور اس بندوڑکی بیشعوری کی باعث دونون پرگنی ویرانی پرہین اگر عالم پناہ بندی کو اُن دونون پرگنون کی حکومت مرحمت فرماوین تو فدوی یا بھائی پانچسو سوار سی جس جگہ حکم ہو وہان نوکری مین حضر رہی اور میان حسن کی بہی خدمت مین حاضر رہی جسوقت دولتخان نی واجب العرض کو ملاحظہ کیا فرید کی ہر طرح سی تسلی کی اور کہہ

کی عشق مین گرفتار هو اور اسکی محبت کی محنت مین مبتلا هو تو چاهی که اس سی چهپاوی اس لیی که باعث اسکی غلبی کا هی جسوقت عورت یه سمجهی که خاوند میری دام الفت مین گرفتار هی اور بغیر میری ایک دم اسی قرار نهین پهروه اسکی کهنی مین نهین رهتی اور اسی غلام کی برابر سمجهتی هی کهتی هین رنڈیون کی طینت مین حسد بهرا هوا هی اور نقصان عقل سی موصوف هین اورهرایک طرح کی مکر سی معروف انکا کهنا اعتماد نکیا چاهیی بهتیری عزیزون نی سمجهایا میان حسن جو اسکا فریفته تها عزیزون کی عرض نه قبول کی

خراب هو وی جو خوبان سی اور می سی کباب
جلی جیسی بتی آگ مین اور اسکا شباب

جب فرید میان حسن سی بالکل مایوس هوا عزیزون سی رخصت هوکر ارادہ آگری کی طرف کاهن پور کی راه سی کیا جس جاگهه اعظم همایون سروانی کا لشکر تها اور اکثر سروانی منصبدار بهی اس جاگهه رهتی تهی فرید ادهر کو روانه هوا جب کاهنپور مین پهنچا جو سروانی میان حسن کی رشته دار تهی انهون نی فرید کی مهمانی کی قضارا اس مجلس مین شیخ اسمعیل وارد هوا فرید نی پوچها یه کون هی سبهون کها سروانی هی پهر کها تمهاری طرف سی سورهی اور ننهیال کی طرف سی سروانی فرید نی شیخ اسماعیل سی پوچها تو نی کیون نکها که مین سورهون اسنی عرض کی مین نی یه بهی نهین کها که سروانی هون جو یه کهین تو اسمین میرا کیا گنده پهر فرید نی کها همری سنته رهو اسنی همراهی قبول کی اور ابراهیم بهی اُسی نواحی مین نوکر

زمام شتر نہین ہی صبر جو تجھی مجھی کرون پھر کیا جو غصی سی جاتا
ہون آتا ہون مسکی مین بوڑھا ہوا ہون اور میری مرگ نزدیک پہنچی
ہی وعدہ خلافی مجھسی نہوگی اپنی زندگی مین ایسک باری انکو
پرگنون کی حکومت دونگا اگر انہون نی ایسا عمل کیا کہ پرگنون کی
آبادی اور آسودہ کی خلق وسپاہ کا سبب وقوع مین آیا تو بہتر ہی کہ
میری جیتی جی لوگون کی درمیان یہ نام نیک نکالین جیسا خلق مین
فرید نی اپنا نام نیک پیدا کیا اور فرید کی طرف سی میری خاطر جمع
ہی جہان جاویگا اپنا روزگار کریگا اور جو نا قابل نکلین تو میری زندگی
مین تھوڑی دنون دنیا کا فایدہ اُٹھاوین کیونکہ اس قدر یقین ہی بعد
میری فرید کو ہی پرگنون کی حکومت پہنچیگی اور وہی اس امر کی
لایق ہی اور وہ حیثیت وقابلیت اور تدبیر ملک مین مجھسی اور
اپنی بھایون سی اور جو ہم سن اُسکی اقربا نہین آن سی بہتر ہی اور
بعضی باتین جو امور مہلکت مین کام آوین مین نی اُسی سنی کہ وی
ہرگز کسو سی نہین سنی

جب عزیزون نی میان حسن سی یہ جواب سنا اُسی کہا پس ایک
لونڈی کی خاطر تو فرید کو اپنی سی جدا کرتا ہی تجھی اب مناسب
نہین ہی ایک باندی کی لیٹی اس ہنگامی کی وقت کہ بہار مین جو
نوجانی ہین انکی اطوار ایسی معلوم ہوتی ہین نزدیک ہی کہ پادشاہ
سی بغی ہوکر آپ سلطنت کرین اور قول داناؤن کا ہی کہ رنڈیون پر
اعتماد نکری اور اپنا راز انسی نہ کہی اور کسی امر کا انسی مشورہ نہ
لی اور جو اپنا مثل سوای قوت کی ہو اُنسی چھپاوی اور جو کوئی عورت

جمع کرتا هی که واسطی روزگار کی آگری کی طرف جائی اور ان دنون
مین دار السلطنت آگره تها سب جمع هوکر میان حسن کی پاس آئی اور
عرض کیا آپ کو مناسب نهین که اس سی پرگنون کی حکومت لیکر
سلیمان واحمد کو دو فرید نی بڑا تردد کرکی پرگنون کو آباد کیا هی
جیسا دونون پرگنون مین اسنی بندوبست کیا هی اسکی آگی بهی
کسونی ایسا نهین کیا اور اُس سی کوئی قصور بهی نهین هوا جو باعث
اسکی تغیر کرنی کا هو اور ایسی قابل بیٹی کو تو بڑاپی مین آپ سی
جدا کرتا هی اور ان دنون سلطان ابراهیم کی پادشاهت مین خلل واقع
هوا هی جو پٹهان دست قدرت رکهتا هی وه دعوئی ریاست اور ملک
گیری کا کرتا هی میان حسن نی عزیزون سی کها که مین بهی جانتا
هون فرید کو آزرده خاطر کرنا مناسب نهین هی پر کیا کرون سلیمان اور
اسکی مان نی مجهی ایسا تنگ کیا هی که ایک دم چین نهین اور
جب سلیمان لڑکا تها ایک روز مجسی کهنی لگا که حکومت پرگنی کی
مجهی دی اسکی تسلی کی لئی مین نی کها جسوقت تو بڑا هوگا تجهی
بهی دونگا اسنی کها بهائی فرید کو جو تم نی حاکم کیا هی اس کو
کسطرح سی موقوف کروگی مین نی اس سی کها فرید کو کهونگا بهت
دنون تو نی حکومت کی تهوڑی دنون اپنی چهوٹی بهائی کو دی که وه
بهی امور ملکی مین مهارت کلی پیدا کری اور اب ووهی بات یاد دلاتا
هی اور مجهی اسکی مان سی نهایت اُنس هی جسوقت اُسی دلگیر
دیکهتا هون قرار وآرام مجهسی بالکل جاتا رهتا هی لگام شیرون که دی
منه مین کهینچی هیبت عشق که جیسی ناک مین دی کهینچی هی

هو خوب هی که محک تجربه آوی بمیان هو سیه رو رو کوی جسمین که کچھ غش هوی

میان حسن نی فرید کو کہلا بھیجا کچھ احتیج تحقیق نہین هی جو اب تحقیق کرون جب مین لشکر مین تها حقیقت پرگنون کی تب هی معلوم هوی تهی که تو نی ملک کو آگی کی نسبت دونا آباد کیا هی اور تمهاری تصرف مین آیا بهت اچها هوا تمهارا هی مال تها اِسمین کچھ قباحت نہین اور تجهی جو میںنی حکومت دی تهی تو تجھ مین اس بات کی لیاقت جانتا تها اور غرض اس سی یه تهی که تجهی بهی ایک سرمایه هو وی اور وه تبری ایک روز کام آوی اور مین جانتا هون نام نیک میرا جهان مین تجهسی رهیگا اور پس مادون کی خبر گیری تجهسی هوویگی اور میری تیں تیری ناخلف بهائی سلیمان وغیره هر روز ستاتی اور حیران کرتی هین اور مین جانتا هون که اِن سی ملک کی تدبیر نهو سکیگی بهتری اِنکو نصیحت کرتا هون لیکن کچھ اثر نہین کرتی اور اِنکی هاتهون ایک دم آرام نہین پایا اور اِنکی مان بهی شب وروز اِنکی واسطی مجهی دق کرتی رهتی هی لاچار تهوڑی دنون کی لیٔی سلیمان اور احمد کو دو پرگنون کی حکومت دیتا هون که رات دن کی تشویش وحیرانی سی نجات پاؤن جب فرید نی میان حسن کی زبانی اسطرح کی باتین سنی عرض کر بهیجا که دونون پرگنون کی حضرت مالک هین جسی چاهین اُسی انکی حکومت دین

جب عزیزون نی یه سنا که میان حسن دونون پرگنون کی حکومت فرید سی لیکر چاهتا هی که سلیمان اور احمد کو دی اور فرید اسباب

بی دیانتی ظاہر ہو ایسی تنبیہ کری اور عاملون کو عبرت ہونا کوئی بیدیانتی اور ظلم نکری کہ ظالمون کی ظلم سی سیاست. لوگون کی اہل وعیال کی حفظ کا سبب ہی اور حکّام کی تعدی سی خلق سی انیت کا باعث ہی

نکر صبر عامل جو ہو ظلم دوست ووجیسا ہی فربہ توکھینچ اسکا پوست
سر گرگ پہلی ہی تسوکات یو نہ اُسوقت جب کھا گیا بھیڑ کو

اور اگر حاکم کو تغیر نکری کسواور کو مقرر کری کہ کچّا کاغذ اور وہان کی مقدم وقانون گو کو لاوی اسواسطی کہ اسکی ڈر سی کچّا کاغذ ندیوینگی اور حقیقت پرگنی کی کما حقّہ نہ بیان کرینگی کیونکہ اگر رعیت حاکم سی موافق ہی تو مخالفت نکری پس حاکم کو لازم ہی کہ عامل قدیم کو تغیر کری اور نیئی عامل کو بھیجی اسکی لیئی سعی کریگا کہ اگلی عامل کی چوری ظاہر ہو اس مین بھی خلل ہی کہ حاکم سابق عامل نو کو کچھ دیکر کہیگا رعیت کو بد راہ نکیا چاہیئی کس واسطی کہ آج مجھپر ہی کل کو تجھپر تو حاکم نو رعیت کو حقیقت کہنی سی باز رکھیگا پس اِسّی بہتر ہی عامل قدیم کو تغیر کری اور ایسی شخص کو جو امانت ودیانت سی آراستہ ہو اسی بھیجی کہ کچّا کاغذ اور وہان کی مقدم قانونگو کو لی آوی جیسی کہ آگی ذکر ہوا ہی اس طور تحقیق کری کہ جونکا تون احوال دریافت ہو قبلہ وکعبہ کو معلوم ہو کہ مین نی پرگنون کی حکومت سی ہاتھ اُٹھایا آپ حضرت ایک ایسی شخص کو بھیجین کہ وہ کچّا کاغذ اور مقدم وقانونگو کو خدمت عالی مین لاکر حاضر کری اور حضرت آپ متوجہ ہوکر تحقیق کرین کہ جھوٹھ سچھ ظاہر

جسی چاهیئی اُسی سرفراز فرمائی اور بعضی لوگون نی جو از راه حسد ودشمنی کی سمع مبارک مین ایسی باتین پهنچائین که باعث خفگی کا هوئین اور قبله وکعبه اسطرح سی تحقیق فرماوین که جسطرح سی بنده عرض کری حاکم کو لازم هی که اپنی عاملون اور رعایا کی احوال سی مخفی خبردار رهی تا کسو طرح کی انسی خیانت وغفلت نهونی پائی اور یه سبب ملک کی آباد هونی اور نیکنامی اور دلجمعی کا هی تا که غرض گوکی کهنی سی کچهه اسکی دل مین خلل نهو جیسا که خواجه نظامی فرماتا هی

خبرداری کیسا هیگی اچهی متاع هو اس نقد سی خلق کو انتفاع
رو هوتا هی افاق مین سربلند که جو کار عالم مین هو هوشمند

اور بهتر یه که اسکی قبول پر اعتماد نکری

نه اهل غرض کی تو کچهه سنیو بات جو مانیگا تو تلخ هوگی حیات

اگر اهل غرض کی کهنی سی حاکم کی دل مین آیا که اسکی عاملون سی کسونی شاید خیانت کی هو چاهیئی اسکو اسطرح سی تحقیق کری پهلی اپنی عاملون کو تغیر کری بعد اِسکی جو اُسکی معتمدون مین سی امانت ودیانت کی وصف سی موصوف هو اُسی تعین فرماوئی اور حکم کری مقدم کو خبر هونی نه پائی که کئی ایک گاؤن کا کاغذ لی بعد اسکی مقدم ونویسنده کو اور کچا کاغذ لیکر حضور مین آوئی بهتر یه هی که حاکم آپ متوجه هو کسواسطی که اس زمانی مین ایسا معتمد آدمی که طمع پیسی کی نه رکهتا هو کم پیدا هوتا هی والاّ جو لوگ صاحب شعور اور دیانت دار هون اُنهین تعین کری که اس امر کو بخوبی تحقیق کرین اگر

اگر اپنی جیتی جی میری لڑکون کو فرید کی طرح سرفراز نکیا اور کسو پرگنی کی حکومت ندی تو تیری روبرو اپنی تئیں اور اپنی لڑکون کو مار ڈالونگی اگر تیری جیتی جی صاحب سامان ہوئی تو بہتر والّا فرید اور عزیز تیری جو میری اور تیری لڑکــون کی ساتھ دشمنی رکھتی ہین بعد میری تیری پرگنون سی بی حرمت کرکی نکالینگی تیری روبرو مرنا بہتر ہی اُس زندگی سی جو دشمنون مین بی آبروئی سی ہو

میان حسن اسکی محبت کی سلسلی کا بندھا ہوا تھا عشق کی غلبی سی کہ عاشق کو معشوق کی دید کی سوا قرار نہین اتفاق یہہ پڑا کہ محبت دلی بڑی بیبٹی کی دلسی اُٹھا دی درپی اسکی ہوا کہ اسکو اس رتبی سی گراکر سلیمان کو اُسکا قایم مقام کری پھر سلیمان کی مان نی عرض کی تمھاری شفقت ومہربانی سی سراسر امیدواری ہی لیکن تمھاری عزیز اس بات سی دست بردار نہونگی کہ فرید کو حکومت سی تغیر کرو از بسکہ وہ جو اسکی دام الفت مین گرفتار تھا اسکی تسلی کی لئی قسم مغلظہ کہائی بعد اسکی اس بات کی درپی ہوا کہ فرید کا قصور ثابت کرکی موقوف کری پھر اسکی احوال کوشش وجست جو کرنی لگا اور میان حسن وفرید کی درمیان باتین کدورت آمیز ہونی لگین جسوقت فرید کو معلوم ہوا کہ میان حسن نی سلیمان کی مان سی قرار کیا ہی کہ تیری لڑکون کو دونون پرگنون کی حکومت دونگا اور عزیزون سی جو قرار کیا تھا اس قرار سی وہ پھر گیا فرید دونون پرگنون کی حکومت سی دست بردار ہوا اور میان حسن سی کہلا بھیجا کہ جسوقت تلک شفقت پدری آپ کی میری حق مین تھی سر براہی پرگنون کی کرتا تھا اب

اسطرح سی سنی مغموم هوکر اسکی پاس سی اٹھ گئی پھراس روز سی
اسکی ساتھ اختلاط کرنا کم کیا اور خفا رهنی لگی اور وہ جو اسکی ساتھ
خصوصیت اور تعلق خاطر قدیم سی تھا اُس مین اِسنی فتور برپا کیا اور
میان حسن اسکی دام محبت مین گرفتار تھا نرہ سکا ایک روز سلیمان
کی مان سی پوچھا اسقدر موجب خفگی کا کیا هی اور کم اختلاطی کا
باعث کیون هی اسنی التماس کیا مین تیری ایک برترین لونڈیون سی
هون تو نی اپنی اخلاص ومهربانی سی مجھکو سرفراز اور اکثر اهل وعیال
تمهاری میری ساتھ از راہ حسد کی دشمنی رکھتی هین اور مین اپنی مقدور
بھر انکی خدمت مین قصور نهین کرتی لیکن یہ میری اور تیری لڑکون
کی حال پر کم الطفات کرتی هین یہ بات آپ سی بھی پوشیدہ نهین
هیٔ جسوقت که عزیزون اور دوستون کی خاطر سی فرید کو پرگنون کی
حکومت دیتی تهی اُسوقت مین نی التماس کیا تھا میری لڑکون کی حق
مین کیسا کروگی تم نی از راہ مهربانی کی وعـده کیسا جسوقت یہ
حکومت کی لایق هونگی اِنکو بھی حکومت دونگا که میری جیتی جی
انکو بھی پرگنون کی حکومت کی شعور هو اور دوست دشمن مین نام
نیک پیدا کریـن اب میری بھی فرزنـد جوان هوٗی اس لـڑکی کو جو
پرگنون کی حکومت دی الحمد لله اسنی عدالت وجوانمردی مین اپنا
نام نکالا اور بنـد وبست پرگنـون کا بوجه احسن کیا اور اپنا سروسامان
بھی ایسا بهم پهنچایا که تمهاری محتاجی سی نکلا اگر تمهاری خدمت
مین حاضر رها تو پیسی والا هی جو اور کهین کیا توزر کی زور سی اپنا
کام بخوبی نکالیگا اور تمهارا بڑا بیٹا هی وٗهی تمهـارا جانشین هوویگا

کوئی سنتا آفرین وتحسین کرتا اور خلق مین اعتبار کلی پیدا کیا اپنی بیگانون کو آپ سی راضی اور شکر گذار کیا سوای کتنی حاسدون کی جیسی سلیمان کی مان سایه بخشش کا رکھه رعیت پرتا که راضی هون تجسی همدگر اس طرح عدل سب مین هو جاری شهر آسوده روشنائی بهی ایک مدت کی بعد جب میان حسن مسند عالی جمال خان کی حضور سی اپنی گهر کو آیا رعیت وسپاه کی زبانی باتفاق اسکا ذکر خیر سنا اور ملک آیا دو خزانه معمور دیکھ نهایت خوش هو بهت افرین وتحسین کی اور اگلی کدورت بهی دور هوئی اور دونو بهائیون پر هر طرف کی شفقت ومهربانی فرماکر کهـا پرگنون اور سپاهون کی سربراهی کی محنت ومشقت مجهی نهین هوسکتی که مین بوڑا هوا هون اب تم دونو بهائی سپاه اور رعیت کی تدبیر کی مختار هو سلیمان اور اسکی مان اس بات کوسنکر رنجیده هوئی اور طرح طرح کی بهتان افتری میان حسن کی روبرو کرنی لگی اور سلیمان کی بهن کی شادی مین شیرخان نی سونی کا گهنا جو دیا تها اسکی عوض اور زیور میان حسن کو دیکهاکر کها یه ملمع کاهی اسی طرح هر روز گله شیرخان کا کرتی تهی لیکن وه کان دیکر سنتا تها جب سلیمان کی مان نی دیکها چهوٹی باتون سی میان حسن کا دل فرید کی طرف سی نهین پهرتا خاموش رهی پهر میان حسن نی سلیمان کی مان سی کها تجهی باور نهین آتا جو هر بار فرید کی شکایت کرتی هی سوای تیری اور کوئی عزیز وسپاهی ورعیت سی فرید کا گله مند نهین هی اور مین بهی اسکی افعال وکردار نیک سی راضی اور شکر گذار هون جسوقت سلیمان کی مان نی میان حسن کی زبانی

هین اُنکی ملک سی زیادہ تحصیل کرتی هین حاکم کو چاهیئی زر کی طمع کی لیئی اِن مفسدون کی قتل وسیاست کی کرنی مین دیر نکری اور ریزہ رعیت سی خبردار رهی که مقدم ریزہ رعیت پر ظلم نکرین مین هرگز اِنکا گناہ نبخشونگا ان شاء الله تعالی لڑویون سوارون کی گهوڑون کی سم اور منچلون کتاریون لڑنی والون کی برق دم شمشیر سی کافرون صفتون ناهمواروں دیوشکلون روباہ خصلتون کی خرمن زندگی کو جو اپنی شجاعت پر مغرور هین جلاکر برباد کرونگا

پهر شیر خان تڑکی هی سوار هو اُن مفسدون پر دوڑ کیا اور ان سب حرام خورون کو قتل کیا قبایل کو انکی بندی کر سپاهی کو حکم کیا بینچو کوئی اپنی پاس نرکهی گاؤن مین اور لوگ بسائی جس وقت خبر قتل اور بندی جلا وطنی کی اور حرام خورون نی سنی اُنکو بهی کان هوی حرام خوری سی باز آئی اور چوری اور قضاقی سی توبه کی جیسی که بزرگون نی فرمایا هی اور کی لیئی مصاحبون سی پند تا نصیحت لین تجسی آکر اور جو کوئی رعایا اور سپاهیون مین سی فرمان ده هوتا بدل آپ متوجه هوکر اُسکی داد کو پهنچا اور هرگز غفلت وکاهلی کو کام نه فرمایا اور تهوڑی عرصی کی درمیان دونو پرگنی آباد کیی اور رعیت وسپاه چین سی رهنی لگی

جسوقت یه خبر میان حسن کو پهنچی بهت خوش هوا اور اکثر مجلسون مین دونو پرگنون کی آبادی اور اپنی بیٹی کی مردانگی اور برباد هونا متفنیون مفسدون کا بیان کرتا غرض که ملک بهار مین شیر خان کی حسن تدبیر نی شهرہ پایا اس دیار کی امیرون مین سی جو

معاف ہو قدمبوسی کو حاضر ہوں شیر خان نی فرمایا ہماری طرف سی
کہو تمہاری آنی کی حاجت نہیں ہی ہماری تمہاری درمیان لڑائی ہی
حق تعالی جسی چاہیئی اُسی فتح دی ہر چند انہوں نی منت و زاری
کی اور بہت سا پیسا دینی لگی لیکن شیر خان نی قبول نکیا اور اپنی
لوگون سی فرمایا ان مفسدون کا قاعدہ ہی اول حاکم سی لڑتی ہین اگر
کم زور پایا تو اپنی بدذاتی سی دست بردار نہوئی اور جو حاکم زبردست
ہوا تو ہر ایک طرح کی حیلی سی پیش آتی ہین منت وزاری کرتی
ہین پیسا دینی کو تیار ہوتی ہین غرض اس فریب سی حاکم کو اپنی سر
پر سی ٹالتی ہین پھر فرصت کی وقت اپنی حرکات بد سی باز نہین
آتی تم جانتی ہو غالب ہونی سی آگی انکو ہر چند دلاسا وتسلی سی
کہلا بھیجا کہ تم اِن حرکتون سی باز آؤ اور جو پیسا سرکار کا واجبی ہو اُسی
ادا کرو کسیطرح نمانا اب چاہتی ہین کہ مین پیسون کی لالچ سی انکی
تقصیر معاف کرون اور پھر جاؤن اگر حق سبحانہ تعالی نی چاہا اِنکو
قتل کرون اور اِنکی زن وفرزند کو بندی کرون اور اِنکا نام ونشان یہان
نچھوڑون اور اس جاگہہ پر اور رعیت بساؤن تا خلق ڈری اور جس حاکم
نی از راہ خام طمعی کی زر لیکر ان حیلہ گر مفسدون کو چھوڑ دیا یقینی
اُسنی اپنی ملک مین ظلم وفساد کی بنیاد رکھی اور وہ انکی مظلمی
مین شریک ہوا کسواسطی کہ یہ مفسد زر اپنی گھر سی نہین دیتی
ہین جب حاکم پیسا لیکی انکو چھوڑ دیتا ہی یہ چوری رہزنی کرکی
پھر پیسا پیدا کرتی ہین اور جو رعایا سی غریب وبیچاری اِنکی پاس
رہتی ہین یہ اُنسی بزور پیسا لیتی ہین اور جو پیسا سرکار مین دیتی

پنڈت خانی مین تھی انھون نی جو باقی پیسا سرکار کا تھا دام دام ادا کیا اور حاضر ضامن دیکر اپنی لڑکی بالی قید سی چھڑاکر لی گیئی اور بعضی زمیندار کہ ہر طرح کا فساد کرتی تھی جیسی چوری رہزنی اور پیسا سرکار کا نہ پہنچانا کچہری مین حاضر نہونا یہی انکا کام تھا اور اپنی جمعیت پر غرور کرتی تھی ہرچند انکو سمجھایا نہ سمجھی شیر خان نی فوج کو جمع کرکی رعیت کو حکم کیا جو کوئی گھوڑا رکھتا ہی وہ سوار اور جسکی پاس نہین وہ پیادہ حاضر ہو اور ادھی لوگون کو اپنی ساتھ لائی اور ادھی اپنی اپنی گھر کی کار وبار اور عمارت وزراعت کی کام مین مشغول رہین جب سپاہی ورعیت حاضر ہوئی تب اُن حرام خورون کی گاؤن کی طرف کوچ کیا اور انکی گاؤن سی کوس بھر کی فاصلی پر ایک گھڑی بنواکر حکم کیا جنگل کو کاٹین سوارون کو فرمایا گاؤن کی گرد اوری کرو ان حرام خوارون مین سی جسی پاؤاسی قتل کرو اور انکی زن وفرزندون مین سی جو ہاتھ آوی اسی پکڑو زراعت نکرنی دو جو ہوئی ہو اسی خراب کرو مویشی کو گھیر لاؤ اور چارون طرف سی ایسا نرغہ کرو کہ انکی گاؤن مین کسو طرف سی کسیکو کچھ نہ لانی دو اور گاؤن مین سی جو کوئی کچھ لی جایا چاہیئی نہ لیجانی دو شب وروز راہ کی نگہبانی کرتی رہو اور سوارون کو ہر روز یہی تقید تھی گاؤن سی خبردار رہو کسو کو نکلنی ندو اور پیادون کو یہ بھی حکم تھا جنگل کاٹو جب جنگل کٹ چکا اس گھڑی سی کرایک اور گاؤن کی پاس گھڑی بنواکر داخل ہوا

اخر الامر حرام زادون نی عاجز ہو عرض کر بھیجا اگر ہماری تقصیر

بحـــل تبـــہ ہـــو سپـاہی اگـــر
لڑائی کی دن کب وہ دی اپنا سر
سپاہی جو خوشدل نہـو شـاہ سی
حد ملک کی کب حفاظت کری

پھـر گھوڑی رعایا سی مانگی اور کہـا تھوڑی دنون کی واسطی بطور عاریت کی ہمین دو کہ درکارہین اس مہم کی انصرام ہونیکی بعد تمہین پھـر دینگی سب نی بخوشی تمام گھوڑی دینی قبول کیئی اور ہر ایک گاؤن سی ایک ایک دو دو گھوڑی لاکر حاضر کیئی سرکار مین جو زیـن بنوائی تھی اُن پر بندھوای اور ان سپاہیون مین سی جو گھوڑا نرکھتا تھا اسکی لایق اُسی دیا پھر سبکو تیار کرایکبار دوڑکر اُن حرام خوارون کی جورو لڑکی گائی بھینس نقد وجنس جو کچھ تھا کتنی ایک گاؤن سی لوٹ لاکر سپاہیون کو فرمایا جو مال ومواشی تمہاری ہاتھ آئی ہی تمہین بخشی اور زن وفرزند رعایا کی قید کرمقدمون سی کہلا بھجوایا جو پیسا سرکار تمہاری ذمی ہی دو والّا زن وفرزند تمہاری بکواؤنگا اور تمہین بسنی ندونگا اور جدھر تم بھاگوگی تمہارا پیچھا نچھوڑونگا اور جس گاؤن مین جاؤ وہان کی مقدمون کو کہلا بھیجونگا یقین ہی وی تمہین میری حوالی کربنگی یا لڑینگی

جب مقدمـــون نی اسطرح کی باتین سنی عرض کر بھیجی جو آگی ہمسی تقصیر ہوئی وہ معاف ہو آیندہ جو کوئی ہمسی ایسی حرکت ہو جو سیاست چاہیئی سو کیجی شیر خان نی کہلا بھیجا کہ ضامن دو اگر کوئی تقصیر کرکی بھاگو ضامن تمہین حاضر کری جن مقدمون کی اہل وعیال

گری گی نہوجی کبھی درکمیں

کہ مرغ دون دانہ چیونٹی سی چھین

بعضی زمین دار جو ان دونو پرگنون مین حرمزدگی کرتی ہین اور کچہری مین حاکم کی پاس حاضر نہین ہوتی محصول جو چاہیئی سو نہین پہنچاتی اور گردپیش کی گاؤن والون کو آزار دیتی ہین انکو کسی تدبیر سی ہلاک کیا چاہیئی عرض کیا چند روز صبر کیجی کیونکہ لشکر خداوند نعمت کی ساتھ ہی فرمایا مجھی اسکی تاب نہین کہ میری ہوتی اس کچہری مین حاضر نہون اور خلق خدا کو ستاتی رہین تم دیکھو مین کسطرح سی اِن حرامزادون کی تدبیر کرتا ہون اور کیسی گوشمالی دیتا ہون کہ زمانی مین یادگار رہی عاملون سی فرمایا دوسو زمین بنواؤ اور جس قدر جوان دونو پرگنون مین پٹھانون اور خیل دارون کی بی جاگیر تھی انسی بلاکر کہا جب تلک قبلہ وکعبہ آوٴین کھانا کپڑا تمھین دونگا اورجو جنس ونقد مفسدون سی تمھاری ہاتھ لوٹ مین آوٴی وہ بھی تم لو اسکی ہرگز طمع نکرونگا اور جو کوئ تم مین سی جوانمردی کریگا اسکی واسطی قبلہ وکعبہ سی جاگیر خاطر خواہ لونگا اور گھوڑی سواری کو تمھاری لئی اپنی پاس سی دونگا جب یہ بات سنی خوش ہوکر کہا تمھاری قدمون کی نیچی ہم جان نثاری مین قصور نکرینگی اور جن لوگون نی کہ یہ خدمت اختیار کی تھی ان پر ہر ایک طرح کی مہربانی کی اور پارچہ وغیرہ سی سر فراز کر کچھ زر نقد بھی عنایت فرمایا اور کہا یہ تمھاری خرچ بالای کی کام آئیگا

معین کی کہ اگر اس سی زیادہ رعیت سی لوگ حساب کی وقت تمھین مجرا ندونگا یہ سن رکھو اگر حساب میتی اپنی روبرو کیا جو کچھ ازروی واجبی ہوگا وہ منظور اور وہی انسی دلاؤنگا اور جو کچھ سرکار کا پیسا واجبی ہو اُسی کچہری مین داخل کرو لیکن پیسا خریف کا خریف مین اور ربیع کا ربیع مین کہ باقی رہنی سرکار کی پسرگنی کی ویران ہونی کا سبب ہی اور عامل و رعیت کی درمیان موجب دشمنی کا ہی حاکم کو چاہیئی جریب کی وقت زراعت کا ہونا نہونا دیکھکر رعایا پر احسان کری لیکن تحصیل کی وقت مد نظر مال کی کرکی خاطر انکی نکری اور بتقید تہام زر وصول کری اگر جانی کہ پیسا دینی مین رعیت حیلہ حوالہ کرتی ہی ایسی تنبہ کری کہ اورون کو ڈر ہو اور دوبارہ حرکت وہ ایسی نکری پھر رعیت سی کہا جو بات تمھین کہنی ہو آپ آکر عرض کیجو اور ظلم تم پر کسی کو نکرنی دونگا یہ کہکر رخصت کیا کہ کشت وکار مین مشغول ہو اور دولتخواہی سرکار کی کربن

جب وہ رخصت ہوئی اگلی عہدہداروں سی کہا رعیت جو میری تابع دار تھی اُسی دلاسا دیکر رخصت کیا اور رعایا کی احوال سی ہمیشہ خبردار رہونگا تا اِن پر کوئی ظلم وتعدی نکری اور اگر حاکم ریزہ رعیت کو زبردستون سی نہ بچا سکی تو محصول لینا اِن سی ظلم ہی

مخالف کدھا اسکا لی شد خراج
رہی خاک پھر زینت تخت وتاج
جو دشمن کدھا روستائی کالی
توشد وہ یکی اس سی لی کس لئی

عاملون اور سپاهیون کو معلوم هو ظلم وستم سی باز آؤ سابق جو تم سی هوا اُسی مین نی معاف کیا بعد اسکی اگر سنا که رعیت سی ایک نی پتها گتها گهانس کا بزور لیا تو اُسپر اسقدر سیاست کرونگا که اورون کو عبرت هو

نکر صبر عامل جو هو ظلم دوست
دو جیسا هی فربه تو کهینچ اسکا پوست

اور مین کسو کی خاطر نکرونگا خواه میری عزیز سی هو یا سپاهی سی بلکه عزیزون مین سی جو کوی بد عهدی اور ظلم کریگا اسپر سیاست ایسی کرون که اور ڈرین تا رعیت دل جمعی سی زراعت وعمارت مین کوشش کری اور محصول زیاده هو اور مین سپاه کی گاون سی کچهه نلونگا جو محصول زیاده هو سو انکی عرض یه هی که میری حکومت مین خاص وعام کو فایده هوی اور اثر ظلم وتعدی کا نرهی اگر حاکم کچهه بهی رعایت رعیت سی کری نسفع اسکا اسی حاصل هوتا هی کسانون کی خاطر کر اپنی لیی بهت کام مزدور خوش دل کری

جب سپاه کو نصیحت کر چکا رعیت کی طرف منه کرکی کها اب هم نی تمهین مختار کیا بعضون نی جریب کا اکرار کیا اور بعضون نی غلّی کا فرید نی انکا کهنا مانا اور سب سی قبولیت لکهوالی جریب ومحصلی وجه اور خوراک محصلون کی مقرر کی اور مقدمون سی کها مین جانتا هون که مدار کشت وکار کا کچهی رعیت پر هی اگر یه چین سی رهیگا تو کشت وکار بخوبی هوگی اور جو ظلم تم اسپر کرتی هو مین بهی جانتا هون اسی واسطی جریب ومحصلی کی وجه اور خوراک محصلون کی

کی بحالی بر طرف وغیرہ کا تجھی مختار کیا اور جو کچھ تو کریگا اسکی خلاف عمل مین نہ آیگا اور اس طرح سی تسلی کر دو تو پرگنون کی طرف کو رخصت کیا فرید نی پرگنی مین پہنچکر حکم کیا مقدمون اور بونی جوتنی والونکو کہ انھین پر آبادی موقوف ھی پٹواریون سمیت سب کو حاضر کرو جب رعیت آئی سپاھون کو بھی بلاکر کہا جناب قبلہ وکعبہ نی تمھاری بحالی بر طرف کا مجھی مختار کیا ھی اور مین عمارت وزراعت کی زیادہ ھونی مین کوشش کرونگا اسکا فایدہ تمھاری واسطی اور نیکنامی میری لئی ھی جو نہین رہ وی زمالہ بر قرار نام نیک اچھا کہ رہ وی یادگار اور زراعت وعمارت سوای اسکی نہین ھوسکتی جب تلک کہ رعیت سی ملایمت نکری اور شفقت ومہربانی سی پیش نہ آوی اور جور وجفا دست بردار نہووی اور جو محصول لینا زراعت کا رعیت سی مقرر کری محصول لینی کی وقت اسی قرار پر رھی اور جو عہد وپیمان رعیت سی کیا ھو اُسی نہ پھری اور اپنی عامل وسپاھی کو ظلم سی باز رکھی ستم سی رعیت کو مت کر تباہ کہ وہ سلطنت کی ھی پشت وپناہ اور اگر حاکم آپ یا عامل وسپاھی اسکا محصول لینی کی وقت عہد وپیمان سی پھری اور رعیت کی حق مین طمع کری رعایا کی وجہ ویرانی اور بدنامی حاکم کی ھوتی ھی اور سال آیندہ محصول کم آتا ھی

ستم گر سی بھاگی رعیت سدا
کری اسکو بد نام وہ جابجا
فراغت تو اس سرزمین کی نچاہ
رعیت کو دل تنگ رکھی جو شاہ

وکاهلی اور بی انصافی ثابت هوتی هی دوسری یه که رعیت کشت کار موقوف کرتی هی بلکه پریشان هو جاتی هی جب رعیت متفرق هوئی ملک ویران هوا اور محصول کم آنی لگا اور خزانه خالی رهنی اور جب خزانه خالی هوا زر سپاهی کو کب پهنچا اور جب سپاهی نی زر نپایا کسی اور ملک مین گیا اور یه لوگ جو حاکم کی پاس رهتی هین رعایا که سبب اور روه کی شهر مین جو رعیت هماری پاس تهی اُنمین ایسا کوئی نتها کهتی هین که درگاه جبنه ایک پادشاه تها که اُمرا اُسکی رعیت پر جور و جفا کرتی ایک روز اُس پادشاه نی اپنی سردارون سی کها که مین رعیت کی درپی تها که ایک دن میری خیال مین گذرا که اُن کو لوٹی اور کچه اُن کی پاس نچهوڑیی بشرطی که تم درماهه مجهسی پهرفه مانگوانهون نی عرض کی بغیر مشاهری کی هماری اوقات کیونکر کاٹینگی اور کس قوت سی تیری خدمت کی طاقت لائین پادشاه نی کها اگر بدون درماهی کی خدمت نکرسکوگی تو هم کهان سی دین مگر جب رعیت سی حاصل هو بعد اسکی اگر تم نی رعیت پر کچه ظلم کیا ایسی سزا دونگا که نه کسونی دیکهی نه سنی هو بعد اسکی انهون نی ظلم کرنا موقوف کیا رعیت آباد هوئی اور خزانه معمور هوا پادشاه نی سردارون کو اضافی دیئی اور سپاهی بهی آسوده هوئی پادشاه نی فرمایا یه نتیجه عدل و داد کا هی ای پدروان قدر معلوم رهی کوئی عزیزون یا ملازمون مین سی میری هوتی پرگنی مین ظلم کریگا اگر سیاست کی لایق هوگا سیاست کرونگا اور الّا جاگیر اسکی ضبط کرونگا

جب میان حسن نی یهی باتین سنی بهت خوش هوکر کها که سپاهون

مین قرار پایا هی اُسی باز نه آئی توانکی بدی کی عوض ایسی تنبیه اور سیاست کرون که اورون کو عبرت هو اور وی ظلم و تعدی سی باز آئین جو لوگ که متفنی وشورش انگیز هین جب دیکهینگی که آگ سیاست کی شعله زن هی وی کونون مین چهپتی پهرین تهوڑی جو سستی سیاست مین رکهین تو هزار فتنه برپا کرین اور هر طرف سی شورش اُتهاوین اور بنیاد مین سلطنت کی خلل هوی حکیمون نی کها هی پادشاهت بجائی درخت کی هی اور سیاست بمنزل آب پس لازم هی پادشاهت کی درخت کی جڑ کو سیاست کی پانی سی زنده رکهین تو ثمره امن وامان کا حاصل هوی اور پادشاه کو حقوق اقربا کی لازم هی مدنظر رکهی اور همیشه انکی احوال سی خبردار رهی اور ساری خلقت سی درماهه اُنکا زیاده کری اور انکی ضروری کامون مین جیسی لڑکون کی شادی اور سفر حضر کی مصیبت مین اور مدنظر رکهنا حقوق کا عاملون سپاهیون اور شاگرد پیشتی سی قرار واقعی نوکری لی اور جو درماهه اُنکا مقرر کیا هو اسمین قصور نکری اور انعام وبخشش مین بهی دریغ نکری اور شفقت ومهربانی کی نظر سی دیکهی اور جو کچهه هر ایک کو درکار هو اور وه اسکا محتاج هو اسی منه نه موڑی لیکن جو حاکم دیکهی اُن مین سی ایک نی ظلم وتعدی اور فسق وفجور اختیار کیا اگر فرزند بهی اسکا هو همیشه چشم قهر سی دیکهی اور شدت غضب سی منع کری نرمی وملایمت نکری اور حق مظلوم کا اُسی دلاوی اور خاطر دوست وعزیز اور سپاهی کو نکری که ظالم دو سبب واقعی مین دشمن حاکم کا هی ایک یه که هیبت حاکم کی اور آبرو پادشاهت کی نهین رهتی اور خلق مین سُستی

کامون سی ظلم هی که ثمره اسکا زوال پادشاهت کا اور خرابی ملک کی
که موجب بدنامی کا اور دنیا وآخرت مین هی آباد هونا ملک کا دو چیز
پر موقوف هی اول تمام رعیت پر شفقت کرنا اور زیردستون پر رحم کرنا
که وی سپرد کیئی هوی حق تعالی کی هین تا یه که بامداد انهه ظالمون کی
جفا اور ستمگارون کی بلا کی شدت سی محفوظ رهین ملک گر آباد
چاهئی خلق کو معمور رکهه اور بلا سی ظالمون کی انکی تئین نبت دور
رکهه دوسری سیاست که آبادی ملک کی اسپر موقوف هی اگر وه نهو کام
اس بندوبست پر نرهی اور اسکی پادشاهت مین جلدی خرابی پڑتی
هی سیاست سی هو ملک کا انتظام سوای سیاست کی خلل اور بدون
قاعدی شریعت کی حق اپنی هرگز بر قرار نهین پاتا کام شرع اور دین کا
لی احاطه سیاست کی رونق نهین پکڑتا حاکم کو چاهئی که سستی اور
کاهلی کو کام نه فرماوی اور بار عام کا حکم کری تاکه مظلمون کی احوال سی
بخوبی آپ واقف هو اور عدالت کی باغ کو سیاست کی آب جو سی
پانی دی نهین هی ملک مگر عدل سی اور نهین هی عدل مگر سیاست
سی پادشاهت سوای سیاست کی قبضی مین نهین رهتی اور سوای آب
زلال سیاست کی فتنی کا غبار نهین چهڑانا تیغ سیاست ایسی هی رخسار
ملک کو عالم فروز کرتی هی مانند آفتاب اور مین جانتا هون که بعضی
عزیز اور مقدم همهاری ظلم وجور کرتی هین اور مین انکی تین پهلی
بطور نصیحت کی ساتهه نرمی اور آهستگی کی ظلم وتعدی مانع هونگا
اگر وه اپنی بدی سی باز آئی فبها خوشی اور تلطف سی جو نکلی کام
درشتی کی حاجت هی کیا نیک نام والا جس ظالم نی که انکی طبیعت

بخوبی انصرام کو پہنچائی میان حسن نی کہا سب کا قبول کیا اور کہا
اسی بدلاسی لی آو جو کچھ کہیگا مین قبول کرونگا پھر سبھون نی کہا
تمھاری واسطی مناسب یہ ھی کہ تم جمال خان کی خدمت مین حاضر
رھو دونو پرگنون کی حکومت فرید کو دو میان حسن نی سبکا کہنا قبول
کیا اور وی سب خوش ھو فرید کی پاس آکہنی لگی جوھمنی تیری لئی
میان حسن سی کہا سو اسنی مانا اور کسی نوع کا عذر نکیا فرید نی کہا
جو کچھ مجھی فرماؤ قبول کرونگا اس اسی انکار نکرونگا لیکن جسوقت
میان حسن لونڈی کا منہ دیکھینگی اسکا کہنا عدول نکرینگی سبھون نی
کہا تو ھمارا کہنا مان اگر وہ ھماری قول قرار سی پھریگا ھم اُسی الزام
دینگی جب یہ بات سب سی فرید نی سنی عرض کی تمھاری خاطر کی
واسطی مین نی حکومت دونو پرگنون کی قبول کی اپنی مقدور بھر باپ
کی خدمت مین قصور نکرونگا فرید خوش ھوکر سب کی ساتھ باپ
کی ملازمت کو آیا وہ بھی خوش ھوا اور کئی ایک مہینی اپنی پاس رکھا
بعد اسکی جب میان حسن نی چاھا کہ فرید کو جاگیر کی طرف رخصت
کری اسنی میان حسن سی کہا کہ کئی ایک باتین میری دل مین ھین
اگر حکم ھو تو عرض کرون کہا کہو اسنی عرض کی سپاھی بوت مین اکثر
تمھاری عزیز ھین کہ وی لوگ دونو پرگنون مین ھین بہت سی زراعت
اور عمارت کی زیادہ ھونی مین سعی کرونگا اور عمارت وزراعت کی
زیادتی سوای عدل کی میسر نہین ھوتی حکیمون نی کہا ھی اچھی
خصلتون سی عدل ھی کہ نتیجہ اُسکا بقا پادشاھت کی اوروسعت ملک
کی ھی اورزیادتی خزانی کی اور آباد ھوتا گاؤن اورشہر کا ھی اور بُری

خاطر خواہ ندی فرید باپ سی آزردہ ہوکر جونپور مین جمال خان کی ملازمت مین حاضر ہوا جب یہ خبر میان حسن نی سنی کہ فرید جمال خان کی پاس پہنچا جمال خان کو عرض لکھی کہ فرید ناحق مجھسی خفا ہوکر ملازمت شریف مین آیا ہی خداوند کی کرم واخلاق سی توقع یہ ہی کہ تسلی اور دلاسی سی فرید کو میری پاس پھر بھیجین اگر آپ کی فرمان سی نپھری تو حضور مین رکھتی کیونکہ مین چاہتا ہون کہ علوم دینی اور پادشاہون کی خدمت کی اسی آداب تعلیم کرون جمال خان نی فرید کو بلاکر ہر ایک طرح سی نصیحت کی کہ اپنی باپ کی پاس جاؤی لیکن اسنی قبول نکیا اور جمال خان سی عرض کی اگر میرا باپ واسطی تحصیل علم کی بلاتا ہی اس شہر مین بھی علما بہت نہین یہین پڑھونگا جمال خان نی کہا بہت اچھا فرید جونپور کی مدرسی مین علم تحصیل کرنی لگا چنانچہ کافیہ قاضی شہاب الدین کی حاشیون سمیت خوب یاد کیا اور علم بھی تحصیل کیا گلستان بوستان اور سکندر نامہ وغیرہ بھی پڑھا اور اس پادشاہ کی عہد مین علما جو واسطی تلاش معاش کی اتنی تھی انسی حاشیہ ہندی کا بوجھتا اور اکثر اوقات تواریخ پادشاہان گذشتہ کی مطالعہ کرتا القصہ کیئی برس کی بعد جب میان حسن جالنخان کی پاس آیا سب لوگون نی اور عزیزون سی کہ جونپور مین تھی جمع ہوکر میان حسن کی پاس ملازمت کو آئی اور کہا ایک لونڈی کی خاطر فرید کو اپنی سی جدا کرتا ہی اثار بزرگی کی اسکی جبہہ سی ظاہر ہین اور علم وفہم اور عقل وفراست جو وہ رکھتا ہی قوم سور مین کسو کو نہین اور ایسی قابلیت پیدا کی ہی کہ اگر کوئی پرگنہ وغیرہ اسی سونپی تو

اپنی جمع رکھ جمال خان سی جاگیر تیری باپ کی معہ اضافی لونگا میان حسن خوش هوا سند عالی نی دوسری دن جمال خان اپنی پاس بلاکر سفارش میان حسن کی بهت سی کی اور اسکی باپ کی جاگیر مین کتنی ایک گاون اور اضافی دلا دینی اور کہا جو احسان میان حسن کی حق مین کروگی مین منت دار اُسکا هونگا گهوڑا اور خلعت دی عمر خان نی رخصت کیا بعد اسکی میان حسن نی جمال خان کی ایسی خدمت کی که وہ اُسّی راضی هوا اور بعد مرنی سلطان بهلول کی سلطان سکندر نی اپنی بهائی باربک شاہ سی جونپور لیکر جمال کی حواله کیا اور حکم فرمایا که بارہ هزار سوار رکھ اور جاگیر اُنکی پادشاہ کی طرف سی مقرر کر جمال خان بسکه خدمت سی میان حسن کی راضی تها اور پرگنه سهسراون اور خاص پور ٹانڈه که پانسو سوار کی جایداد کی موافق تها عنایت کیا

اور میان حسن کی آٹھ بیٹی تهی فرید اور نظام پٹهانی سی عالی اور یوسف ایک مان سی خورم اور شادی خان اور ایک سی سلیمان اور احمد یهی اور ایک مان سی تهی میان حسن فرید اور نظام کی مان سی تعلق محبت کا اور خصوصیت دوستی کی رکهتا تها لیکن میل طبیعت حرمون کی حرف بهت تهی خصوصا سلیمان اور احمد کی مان سی الفت و محبت بهت رکهتا تها اور میان حسن اتنا فریفته تها که اسکی کهنی مین تها بیشتر اسی باعث سی اکثر اوقات میان حسن اور فرید کی درمیان باتین کدورت آمیز اور وحشت انگیز هوتی تهین اسی سبب سی جاگیر دینی کی وقت میان حسن نی فرید کو کم توجه سی جاگیر

اور عرض کر شاید مسند عالی عرض اس لڑکی کی قبول کری اور کچھ دی میان حسن نی فرید کی اور اسکی مان کی خاطر فرید کو مسند عالی کی خدمت مین اپنی ساتھ لاکر جو احوال تھا التماس کیا عمر خان نی فرمایا کہ فرید ابھی لڑکا ھی جب خدمت کا لایق ھوگا اسی ھم خدمت فرماوینگی اب ھمنی بلھسو گاون موضع نہاونی مین سی اسی دیا میان حسن اور فرید نہایت خوش ھوی فرید نی گھر مین آکر اپنی مان سی کہا کہ مجھی باپ میرا ساتھ نہ لی جاتا تھا تمھاری کہنی سی جو مجھی ساتھ لی گیا تو مسند عالی نی گاون دیا کئی برس کی بعد ابراھیم میان حسن کا باپ نارنول مین مر گیا

میان حسن شاہ آباد سی سلطان بہلول کی لشکر مین مسند عالی عمر خان کی پاس آیا اور عرض کی میان ابراھیم جو میرا باپ تھا مر گیا اور اسکی ساتھ کی چالیس سوارون کی جہان جایداد تھی اگر آپ مجھی رخصت کریں تو وھان جاکر تسلی ودلاسا دی ان لوگون کو آپ کی خدمت عالی مین لی آون اور طمع دنیوی کی باعث مسند عالی کی خدمت نچھوڑونگا عمر خان نی میان حسن سی کہا جتنی میری جاگیر ھی تجھی معلوم ھی موافق اسکی حصہ تجھی بھی دیا ھی اور لوگون کی جایداد میری پاس نہین اور اسوقت مین پٹھانون کی سردارون کا قاعدہ یہ کہ خیر خواھی اپنی قوم کی کرتی تھی اور حسد ھرگز نکرتی تھی اگر دیکھتی کہ سپاھی کو اور جاگہ زیادہ یافت ھی تو رخصت دیتی بلکہ سفارش بھی کرتی کیونکہ بد خواہ اپنی قوم و گروہ کی نتھی مسند عالی نی کہا تیرا بد خواہ نہین ھون تجھی اتنی جایداد پر نہ رکھونگا خاطر

سی کہ جسی پشتو مین ژعزی اورزبان ملتانی مین روھری کہتی ھین اور روھری ایک ٹکرا پہاڑکا ھی کہ کوۂ سلیمان سی نکلا ھی اسکا طول ھگی سات کوس کا ھی ھندوستان مین متھی خان سور داؤد شرفیل کی پاس کہ جسکی جاگیر مین سلطان بہلول نی پرگنہ ھرھانہ اور بھنگہ عنایت کیا تھا آکر اسکا نوکر ھوا بجواڑی مین رھنی لگا سلطان بہلول کی عہد مین شیر خان پیدا ھوا اور نام اسکا فرید رکھا ایک مدت کی بعد ابراھیم خان متھی خان سی رخصت ھوکر قلعہ فیروزہ مین جمال خان سارنگ خانی کی پاس جاکر نوکر ھوا جمال خان موصوف نی کتنی ایک گاون نارنول پرگنہ سی چالیس سوارون کی جایداد کی موافق کردیئی اور میان حسن باپ شیر خان کا مسند عالی عمر خان سروانی ککبھور کہ خطاب جسکا اعظم خان اور مشیر ومصاحب پادشاہ کا تھا مسند عالی تاتار خان کی مرنی کی بعد سلطان بہلول نی مسند عالی عمر خان ککبھور سروانی کو عنایت کیا اور جاگیر مسند عالی عمر خان کی سرھند کی سرکار مین بنور اور شاہ آباد اور پابل تھی آکر نوکر ھوا مسند عالی عمر خان نی میان حسن کی جاگیر مین شاہ آباد کی پرگنہ مین سی موضع نہاونی کا دیا کتنی مدت کی بعد میان حسن سی فرید نی عرض کی مجھی مسند عالی عمر خان کی حضور مین لیجا کر میری زبانی عرض کرو کہ فرید چاھتا ھی حضور مین حاضر رھی اور جو خدمت اسکی حال کی مناسب ھو سو فرمای میان حسن نی فرید کو کہا کہ ابھی تو لڑکا ھی تھوڑی دنون صبر کر فرید نی مان سی کہا پھر فرید کی مان نی میان حسن سی کہا جو اسکا جی چاھتا ھی مسند عالی کی دیکھنی کو تو اپنی ساتھ لیجا

مین نہین آیا ہون اور اکثر نامی سردارون نی رخصت چاہی پادشاہ مصر ہوا کہ اس ملک مین رہوانہون نی عرض کی مستورات کی ننگ وشرم کی باعث اس دیار مین بطور کمک کی بہم آئی تہی عالم پانہ رخصت فرماوین پھر ملازمت کی واسطی حاضر ہونگی

سلطان بہلول نی ہر ایک گروہ کی سردارون کو اتنا زر نقد اور اشیا ومتاع ہر ایک طرح کی عنایت فرمائی کہ انکی خیال ووہم مین نتہا اور ما بہ الاحتیاج کی احتیاج کی رنج سی نجات بخشی اور بعضی پٹھانون نی کہ نوکری اختیار کی اُنہین امرا کردیا اور جاگیرین بحسب دلخواہ مرحمت فرمائین اور گالو خان نی التماس کیا جہان پانہ ایکی باری معاف رکھین کوئی چیز بطور انعم واکرام کی حضور سی نہ لونگا کہ اس دیار مین طمع دنیوی سی مین نہین آیا ہون روہ کی سردارون کی رخصت ہونی کی بعد سلطان بہلول نی اپنی امراء عظام کو حکم کیا جو کوئی پٹھان روہ سی دیار ہند مین آوی اور ارادہ ہماری ملازمت کا رکھتا ہو حضور مین لاؤ کہ ہم اسکی قدر سی زیادہ الوفہ اور جاگیر اسی خاطر خواہ دین اور جو سبب قرابت قریبہ اور اخلاص ومحبت کی تمہاری ہمرای اختیار کری تو تم بھی آکر تنگی معاش اور بیکاری کی باعث اپنی ملک کو پھر گیا جاگیر اسکی ضبط کرونگا جب یہ خبر سنی اور بخشش وانعام پادشاہ کی دیکھا روز بروز ہندوستان مین آنی لگی اور حسب دلخواہ جاگیر پائی

سلطان بہلول کی عصر مین شیر خان سور کا دادا ابراہیم اپنی بیٹی میان حسن کو جو شیر خان کا باپ تہا پٹھانون کی بسنی کی اس مقام

ولایت و ملک هماری قابو مین هی اور هوگا اسکا حصه برادرانه کو لینگی
اور ان دنون مین سلطان محمود نی جو حاکم جونپور کا هی بڑی جمعیت
اور بهت سی زمیندار اپنی همراه لا دهلی کی شهر کو گهیرا هی اور اهل
وعیال پٹهانون کی اس شهر مین هین اگر بطور کمک کی ایک انبوه
کی ساتهه سب عزیز اس شهر مین تشریف لاوین تو وقت مدد کا هی
یقین که فرمانونکی پڑهتی هی از راه شرم وحمیت کی یکبارگی هندوستان
مین آ لشکر سلطان محمود کا هلاک کرین جب وی عزیز اپنی گذران
بخوبی دیکهینگی اور آپ کی دولت سی کامیاب هونگی هماری دانست
مین اپنی شهر کو پهر نجاؤنگی اور جهان پانه کی لشکر مین جمعیت
زیاده هونگی اور اکثر ملک هندوستان کی ملازمان حضور کی هاتهه
آوینگی

یه سنکر سلطان بهلول بهت خوش هوا اورانکی اس رائ اور مشوری
پر تحسین وافرین فرمائ اور پادشاه نی گروه افغانون کی سردارون کو
فرمان بهجوای فرمانونکی پهنچتی هی روهیلی روه کی چارون طرف سی
مانند مور و ملخ کی بدستور ملازمت حضور مین سلطان بهلول کی حاضر
هوئ اور سپاه سالار فتح خان هروی که جسکی ساتهه بڑی قوی هیکل جوان
تهی اسکی لشکر کو ایک آن کی آن مین خاک سیاه کی برابر کیا
جب فتح خان هروی کی قتل کی خبر سلطان محمود کو جسنی دهلی
گهیری هوئ تهی پهنچی بی لڑائ کی بهاگا گالو خان میر محمود خیل گروه
شاهو خیل بلوت کا اس لڑائ مین زخمی هوا تها سلطان بهلول نی زر نقد
بطور بخشش وتصدق کی بهیجا نه لیا اور عرض کیا جراحت فروشی کو

همراہ شیخ یوسف کی متوجہ ملتان کی طرف ہوا سلطان محمود جونپور کی حاکم نی وہان سی نکلکر دہلی کو محاصرہ کر لیا اسوقت سلطان بہلول دہلی کا پادشاہ دیپالپور کی گرد مین تہا اس خبر وحشت اثر کی سنتی ہی انہون نی ارکان دولت اور امرای ریاست کو فرمایا کہ ہند بُرا ملک ہی اور وہان کی پادشاہون کی قومیت بہت سی نہین اور ہماری گروہ مین سی اکثر ہماری ملک مین ہین کہ شجاعت وجوانمردی کی تعریف مین معروف اور بزرگی وپہلوانی کی صفت مین موصوف ہین لیکن اپنی ملک مین بعسرت اوقات بسر کرتی ہین اگر وی ہند مین آوین تو تنگدستی کی مذلت سی چھوٹ جاوین اور مین بہی دشمن پر غالب ہون ہند کا ملک بہی ہاتھ آوی

امیرون اور سردارون نی عرض کی جو کچھ سلطان گیتی ستان کی دل روشن مین گذرا ہی عین مناسب ہی اور اپنی قوم اور گروہ پر نہایت مہربانی ہی نہین تو دولت واقبال شہنشاہی اور جمعیت لشکر کی اور حشمت پادشاہت کی اتنی بی پروا ہی کہ کسی سی مدد چاہیئی منزل مہمان نہین ہر ایک در بوجھ اٹھاتا نہین ہر ایک سر لیکن اسی وقت کی مصلحت یہ ہی کہ پادشاہ قوم ملک روہ کی سردارون کی نام اس مضمون کی فرمان بھجوا دین کہ پروردگار نی پادشاہت ملک دہلی کی پٹھانون کو عطا کی ہی پادشاہ ہند کی چاہتی ہین کہ افغانون کو ملک ہند سی نکالین اور شرم ناموس باہم یکسان ہی اور پادشاہت ہند کی بہت بڑی اور زرریز ہی سب اقربا کی جگہ رکھتی ہی اور تم اس ملک مین تشریف لاؤ تو نام پادشاہت کا میرا نام رہتا ہی اور جو

واحسان کا شہوارهی میدان شجاعت ودلیری کا ملہم هی الهام الهی کا عالم کی پانه اور سلیمان کی سی جاه جو کچھ ان معتمد پٹھانون کی زبانی جو تواریخ اور سخن دانی مین کمال مہارت رکھتی تھی اور ابتدائی دولت وانتہائی سلطنت سی همراه اُن کی تھی اور خاص خدمت سی سرفراز تھی سنا تھا اور غیرون سی بھی جو کچھ تحقیق کیا تھا اسکو لکھا جو بر خلاف اسکی سنا اور تحقیق کی کسوٹی پر پرکھ کر اپنا پا اس سی درگذرا

جب شاهو خیل کی گروه مین سی بہلول کو که وه لودی پٹھان کی قوم سی تھا سلطنت ملک دهلی کی پہنچی هند کی اکثر لوگ صاحب سکه اور صاحب خطبه تھی انهون نی دشمنی سی اسکی مخالفت کی اور سلطان ابراهیم شرقی کا بیٹا سلطان محمود جونپور کا پادشاه تھا اور سلطان محمود خلجی مالوی کی پادشاهت کرتا تھا گجرات کی سلطنت سلطان قطب الدین کو تھی دکھن کی ریاست سلطان علاء الدین احمد شاه کو اور کشمیر کی پادشاهت سلطان زین العابدین کرتا تھا بنگالی اور ٹٹھی کی حاکم کا نام معلوم نہوا ملتان کا حاکم شیخ یوسف سجاده نشین غوث الاعظم شیخ شہاب الدین ذی کرتا قریشی تھا جب تلک سلطان بہلول شہر عظیم دهلی مین رها کسی نی پادشاهون مذکور مین سی قدم دلیری کا اسکی مخالفت کی میدان مین نرکھا شہر لنگاه کی رای نی شیخ یوسف کو جو رُپوری کا زمیندار تھا نکال دیا اور ملتان کو اپنی تصرف مین لایا اپنا نام سلطان قطب الدین رکھا شیخ یوسف اپنی مدد لینی کو شہر دهلی کی پادشاه کی جناب مین آیا وه معه سپاه جنگی اپ

ذکر شیر خان کی تولّد ہونی کا اور جو کچھہ اسکی باپ کی مرجانی تک گذرا لکھا ہی

حمد وثنا اس خالق خلق کی لیئی لایق ہی جسنی عادل پادشاہون کی تیغ آبدار کی ابر سی سرسبزی عطا کی ہی اور والا قدر پادشاہون کی تیغ سیاست سی فتنہ وفساد کی کدورت وغبار کسو دنیا ودین کی گھر کی صحن سی دور کیا ہی درود بیشمار راہ ہدایت کی ہدایت کرنی والسون پر کہ وی راہ گمراہی کی بھٹکی ہوون کو ہدایت کی شاہراہ مین پہنچا دیتی ہین ہوجیو تحفہ اکبر شاہی کا تیسرا طبقہ گروہ سور کی سلطنت سی احوال مین کہ وہ لودی پٹھان کی قوم مین سی تہا مفصل تین باب مین ہی پہلا باب شیر خان سور کی سلطنت کی بیان مین دوسرا باب شیرخان کی بیٹی اسلام خان کی پادشاہت مین تیسرا باب انہ پادشاہون کی احوال مین جو شیر خان کی رشتہ دارون اور علاقہ مندون مین تہی جنہونی اسلام خان کی بعد سلطنت کا دعوا کرکی خطبہ وسکہ اپنی نام کا پڑوایا اور جاری کیا اور اسکی بیٹی کو سلطنت سی معزول کیا بعد اسکی یہ احقرالناس مسمی عباس ولد شیخ علی شروانی کہ بندۂ کمترین ہی آستان عرش مکان سکندر ثانی کا اور مولف ہی سلطنت افغانی کا عرض کرتا ہی بموجب فرمانی حضرت جلال الدین محمد اکبر پادشاہ کی کہ وہ امن وامان کی قاعدی کا جاری کرنی والا اور اکھاڑنی ہارا ہی ظلم وستم کی بنیاد کا اور مرکز ہی دایرۂ عدل

اور هرایک لفظ کی بہت تلاش کی کہا هی که جس جگہہ شاہ نامی مین طاس رویٹن کا ذکر آیا هی وہ یہی دانڈ هی آگی خدا جانی سو اس گھر کی اور گھر اچھی سوڈول خوبصورت مضبوط بہت لمبی چوڑی جو اس احاطی مین هین انکی سرسائی اور بھلائی دیکھنی پر موقوف هی نه کہنی سُنتی پر لیکن جب تک که وہ دیس پادشاهی ملک کی شامل نہوا نه گھرون کا دیکھنا خدا کسو کافر کی بھی نصیب نکری که بلا جس مین هم گرفتار هوئی نہو

اس گھر کی باهر اور مکان بھی راجا کی لئی صفائی ستھرائی سی بنایا گیا هی اور پھوکنون نی راجا کی جگہہ کی آس پاس چارون اور بہت اچھی ستھری پاکیزہ اپنی گھر بنائی هین پر پھوکن جو راجا کی سسرابن کی سبب بڑا مان مہت رکھتا هی اسکی گھر مین ایک اچھا سا سہانا پائین باغ تالاب کی گرد تھا جس کا پانی میٹھا ٹھنڈا نردبان اور اسکی بروی بوٹی گل پھول کا کیا بیان کیجی هر ایک چمن سبزی سی لہلہا اور پھولون سی ڈھڈھا سچ هی کیا ستھرا مکان دل چسپ جگہہ اگر کوی تک بیٹھ جاوئی تو اٹھنی کو اسکا جی نچاهئی نمی کی زیادتی اور خشکی کی کمتی سی اس دیس مین یہ رسم نہین که کوئی اس زمین کو که جسکی جگر مین ایسی سیلی پیوست هوئی هی که کبھی الگ نہین هوتی اپنی گھر کا آنگن بناوی بلکه وهانکی لوگ اسی دکھ سی اپنی اپنی جگہہ پر جتنا جسکو چاهیی مچان بناکر رهتی هین

خرادی ہوئی ہین اگرچہ وہانکی لوگ یہ کہتی تہی کہ ہم سُنتی آئی
ہین کہ اس گھر کی ستون خراد چڑہی ہوئی ہین پر انکا کہا اپنی عقل
نمانتی تہی جتنی کچھ کاریگری اور نقاشی اور کھدائی کی ان لکڑیون
مین ہوئی ہی اسکا بیان اگر لکھی تو کچھ انت نہین اپنی خیال مین
یون گذرتا ہی کہ ساری پرتھی مین شاید یہانکی لوگونکی سی صاف
ستھری ایسی سوڈول کھودوین لکڑیونکی گھر کہین نہ ہونگی چارون
طرف اس گھر کی دیوارون مین قسم قسم کی جالیان بنی ہوئین بہانت
بہانت کی شبکی رکھی ہوی اچھا بنتی کام کیا ہوا ایسی منجی ہوی
پتیل درپن باہر بہیتر لگی ہوئی کہ انہ مین سی صاف منہ نظر آوئی
جب دھوپ لگی ایسی چمکین کہ انکی چمک سی آنکھ کی جوت نہ
ٹہری کہتی ہین کہ ایک برس تک بارہ ہزار مزدور ہر روز اس مین کام
کرتی رہی ہین تب یہ ایسا گھر بنا ہی اس گھر کی ایک سری کی
چارون ستونون مین نو نو کڑی آمنی سامنی ٹنکی ہوئی جب راجا اس
مکان مین بیٹھنی کا ارادہ کرتا انہ چارون ستونون کی بیچو بیچ مین
ایک تخت بچھاتی نو شامیانی ہر ایک قسم کی علی حدہ تخت کی
اوپر انہ کڑون مین باندھی جاتی تب راجہ اسکی اوپر اور انہ کی نیچی
بیٹھتا ہی نقارچی ڈھول اور دانڈ بجاتی ہین دانڈ ایک چیز گول یکسان
اژدھات کی بنائی ہوئی گھریال کی ڈول کی ہوتی ہی جسی گھریالی
بجاتی ہین راجا بیٹھنی اور سوار ہونی کی وقت اور پھوکن جب کسو
کام پر راجا کی حکم سی کہین جا یا چاہین تب وہ دانڈ اور ڈھول بجاتی
ہین ملا درویش ہروی کہ جسنی عربی سی زیدہ فارسی مین بڑی محنت

پر شہر کی آبادی جو دیکھنی مین آئی تو نپٹ ہی ڈول تھی کچھ اچھی وضع کی بستی نہ تھی کچھ ایک اور دور دور انھ نرکٹون مین لوگون کی گھر بنی ہوئی ہین اور وہان ہر ایک کا باغ اور کھیت اسکی گھر سی ملا ہوا رہتا ہی ایک سراس باغ کا آل سی لگا ہوا دوسرا گھر سی بھڑا ہوا اور راجہ کی حویلی کی نزدیک دیکھو نالی کہ ہر ایک پرگنی بستی اور بازاریون کی پھرنی چلنی کی راہ سکیت ہی دوکانداروں کی فرقی سی سوای تنبولی کی کوئی بازار مین نہین بیٹھتا کھانی پینی کی چیزیں وہان بازار مین نہین بکتین اسطرح کی بکری کا اس ملک مین رواج ہی نہیں اپنی اپنی گھرون مین برس روز کی خوراک سب چیزین ذخیرہ کر رکھتی ہین برس دن تک کھانی کی چیزین باہر سی بسانی کی کچھ احتیاج نہین ہوتی اسکی شہر کا احاطہ لمبای چوڑای مین بہت بڑا اور کئی گاون اسمین ملی ہوئی ہین اور اسکی گھر کی گردا گرد ایک آل چارون اور بسنی ہوئی اسکی اوپر بھیت کی جگہ موٹی موٹی بانس لگائی ہوئی ایک سی ایک بھڑا ہوا آس پاس اسکی چارون اور ایک کھای جگہ جگہ آدم قد سی گہری کھدی ہوئی نت پانی سی بھری رہتی ہی اس خندق کا گھیرا ایک کوس چودہ جریب کا بنا ہوا تھا اور اسکی درمیان بڑی بڑی اونچی چھپر بنی ہوئی انھ راجا کا ایک دیوانخانہ جسی وہانکی بولی مین سولنگ کہتی ہین اندر سی ایک سو بیس ہاتھ کا لمبا تھا اور تیس ہاتھ کا چوڑا اس مین چھیاسٹھ کھنبھی لگی تھی ہر ایک کی مٹای کا پھیر چارگز سی کم نہوگا اس بڑای پروی ایسی گول صاف ستھری برابر تھی کہ پہلی جھلک مین یہی یقین ہوتا تھا کہ

اگرچہ انھ پانون کو اپنی آنکھ سی نہین دیکھا لیکن واقعہ نویس کی گماشتی پایندہ بیگ کی زبانی اور شاہ بیگ جسی مُردی گاڑنی کی خدمت تھی نواب کی مجلس مین سنا اور اسمی بیگ خزانی کی داروغی نی جسکی تحویل مین وہ پاندان سونپا کیا تھا انھ دونون مدعیون کی سچائی پر گواھی دی سچ جھوٹھا کھنی والون کی سرمین لی جو سنا سو لکھا

جو مسلمان اگلی وقت مین اشامیون کی قید مین آئی تھی انھون نی وھان جوروئین کر لیان انکی اولاد جو ھوئی اشامیونکی راہ ورسم اختیار کی اور اب تک انھین کی حال پر چلتی ھین اسلام کا نام چھت انھمین کچھ مسلمانی کی بو بھی باقی نہین رھی مسلمانون سی زیادہ اشامیونکی طرف الفت وی رکھتی ھین اور مسلمانون سی بھر مقدور بھٹکی رھتی ھین ھرگز کچھ ان سی ملاپ کی صورت نہین تھوڑی سی مسلمان اپنی ملک سی جواٹھکر وھان جا بسی ھین سو اپنی روزی نماز پر قایم ھین مگر راجہ کی حکم سی اذان دینی اور قران شریف پکار کر پڑھنی نہین پاتی

کرگاون کی چار دروازی پتھر اور پکی اینٹون سی بنی ھوئی ھین ھر ایک دروازی سی راجا کی گھر تک بیچ مین تین کوس کا پلا ھی راجہ کی حویلی سی لیکر ھر ایک دروازی تک لوگون کی آنی جانی کی لئی اونچی چوڑی آلین بنائی ھوئی ھین اور کرگاون شہر کی چارون طرف اور کوٹ کی جگہ نرکٹ کا گھنا جنگل لگا ھوا ھی چوڑائی اسکی ایک سری سی دوسری سری تک پاتکل مین کوس دو ایک کی ھوگی

رات کو لڑتی ہین اور شبخون مارتی ہین اس رات کو بہت نیک اپنی حق مین جانتی ہین اور رعیت لوگ وہانکی لڑکر بھاگین یا بی لڑی پھر آوین مضمون نجی المخفون وھلک المثقلون کا کہ جسکا ترجمہ یہ ہی کہ ھلکی جیٹی اور بوجھل موئی اپنی دلون مین ٹھراکر جو ھتیار کہ وی اپنی ساتھہ لڑنی کی لیٹی لاتی ہین اسی میدان مین خود بخود پھینککر چلی جاتی ہین

وہانکی رعیتون مین جو کوئی مر جاوئی تو وی کیا کرتی ہین کہ کچھہ ایک دولت اسکی مال مین سی اسکی قبر مین رکھتی ہین اور اسکا سر پورب کی طرف اور پاؤن پچھم کی اور کرکی گاڑتی ہین اور وہانکی جو حاکم ہین سو اپنی مُردون کی لیٹی زمین مین بڑی بڑی بھونگھری بناتی ہین اسکی جتنی رنڈیون اور لونڈیون کو مارکر اور ھاتھی جیتا روپی سونی کی برتن اوڑھنا بچھونا کچھہ کپڑی کھانی کی چیزین جو کئی برس کی لیٹی ضرور ہین اس موی کی ساتھہ تہخانی مین رکھتی ہین اور اوپر سی اسکا منہہ موٹی موٹی بھاری لکڑیون سی پاٹ دیتی ہین کہ بہت دنون تک پٹا رہی جلد ٹوٹ نپڑی ایک چراغدان بہت سا تیل ایک جیتا مشعلچی اس سردابی مین بیٹھا دیتی ہین کہ اسکی پاس چراغ جلاوئی اور اسی کام مین لگا رہی یہ سنکر نواب نی دس بھونگھری وہانکی کھلاوئی برتن بھانڈا مسلا جلاکر قریب نوی ہزار روپیی کی جایداد انہہ سی نکلی اسکی سوای ایک نیا اچرج یہ ہی کہ اس ملک کی راجون کی جورونکی ایک بھونگھری سی جو اُسی برس کا تھا ایک سونی کا پاندان جسمین ہری پان لگی ہوی تھی نکلا بندی نی

وهانکی لوگ نرکٹ بانس گھانس لکڑی کی گھر بناکر رهتی هین پکی گھرون کی وهان چال هی نهین

اس ملک کی قدیم رهنی والی دو قوم هین ایک اشامی هی دوسرا کلتا دوسرا سب کام مین پهلی پرسرسائی رکھتا هی مگر لڑائی بھڑائی مین یا اور کوی کام ایسا که نپٹ دوبر هو اسکا الٹا هی یعنی پهلا دوسری پر برس چھه سات هزار اشامی راجه کی حویلی اور اسکی سونی کی جگه کی چوگرد نت رکھوالی کی لیئی رهتی هین وی چودانگ کهلاتی هین راجا کی میر غضب اور فدوی هین انهین پر وه پورا بهروسا رکھتا هی اور کسوکا اسی اعتبار نهین اس ملک کی لوگون کی هتهیار بندوق رام چنگی توپ تیر تکی چھری برچھی اور بانس کی کمانین هین لڑائی کی وقت وهان کی رهنی والی هندو مُسلمان دیسی بدیسی کاریگر گرهست گھرباری جتنی هین انکا جی چاهی یا نچاهی سب لڑائی کی کھیت مین آتی هین اور ایسک بارگی گیدڑونکی طرح ملکی سب کی سب غل مچاتی هیں شور ڈالتی هین انه لونڑی خصلتون کی من مین یه بات سمائی هی که اس هماری ڈر کی اور غل غپاڑی سی رنکی بنکی دل چل شیرون کی جیون مین دهڑکا اور لڑائی کی جنگل کی باگھون کی دلون مین خطرا بیٹھی اور اس جده مین وی جودهی هم سی دب نکلین بهلا باگھ گیدڑون سی کیونکر ڈری اور شیر لونڑیون سی کس طرح دبی انکی لڑیون کی گنتی اگر کھیت مین کیجی تو کم سی کم لاکھ سی زیاده هونگی اسّی کم نهونگی لیکن وی سور بیر جو دشمنون کی تلوار کی مُنه پر آتی هین صرف آشامی هین شاید بیس هزار جوان سی زیاده نهون اکثر منگل کی

که مضبوطی مین لوها لاثه هوتی هین لیکن کوس سی دور مین کچهه نرس اوار اسطواری مین تک سرس چهوتی بڑی ناون کی بهتایت اس دیس مین اتنی هی که ایک بار گواهٹی کی اخبار نویس کی فردون مین سی رمضان کی مهینی ایک فرد نواب کی خدمت مین گذری اسمین لکها تها که اج تک بیس هزار بچهاری اور کوسی ناویسن یهان پڑاییان اور گیٹیان اور یه بهی لکها تها که گنتی مین وی ناویسن جو نواب کی سپاه کی قبضی مین تهین اور انه لوگون کی جو اس دیس کی رهنی هارون مین سی نواب کی پهرتی وقت ساتهه هولیٹی تهی شاید انه کشتیون سی سرس هون جو واقعه نویس نی لکها تها اور انه سبکی آدهی بلکه کچهه زیاده انه قهرمارون کی یهان هونگی جتنی یهان بنتی هین اتنی چارون کهونٹ مین بهی بنتی هونگی اکثر یهان ناویسن چنبل کی لکڑی کی بناتی هین وصف اس مین یه هی اگر اس لکڑی کی بنی هوئ ناو بوجهه سمیت ڈوب جاوئ تو پانی کی نیچی نهین بیٹهتی اوپر اتهه آتی هی اس بات کو بار بار عزیزون نی بهت جانچا هی اس مین هرگز کچهه دهوکها نهین بلکه یه بات اپنی بهی تجربی مین آئ اور کئی بیر جانچی گئی هی برقنداز توپ اور بندوقون کی چلانی مین بڑی چتک رکهتی هین گاچهلی کی کام مین پوری چالاک چابک دست پهرتیلی هین باروت اچهی سی اچهی قسم اول بناتی هین اسکی بنانی کی چیزین جتنی چاهین شوره وغیره بادشاهی ملک سی آکر لیجاتی هین

اینٹ پتهر کی پکی گهر اور مٹی کی کچی مکان سوای کرگاون کی دروازون اور کئی بتخانون کی کهین اشام دیس مین نهین چهوٹی بڑی

وہانکی راجہ اور پھوکن سنگھاسن پر سوار ہوتی ہین اگوی اور دھنی لکڑیون کی ڈولی پر جسّی دیکھی ہنسی آوٗی چڑھتی ہین سنگھاسن اور ڈولی بانس کی لکڑی بناتی ہین لکڑی کی چوکیان بناکر ہودی کی جگہ ہاتھیون پر کستی ہین اور اس ملک مین پگڑی باندھنی جامہ پایجامہ جونا پہنی کا رواج اور کہاٹ پر سونی کی ریت ہی نہین کچھ گزی سر پر لپیٹ لنگی کمر سی باندھکر ایک چادر مونڈھون پر ڈال لیتی ہین اپنی کام کاج کی لیٔی گلی کوچون مین ننگی پاؤن پھڑی پھرتی ہین جنکو میسّر ہو چار پایونکی جگہ تختون پر سوتی ہین جو انمین مالدار تکیتی ہین یعقوب خانی کھونٹی دار انگرکھا جاڑون مین پہرتی ہین پان کی ساتھہ کچی سپاری چھلکی سمیت نپٹ چاھکر کھاتی ہین مشجر ومخمل وٹاٹ بند ریشمی کپڑی بھانت بھانت کی بہت اچھی بنتی ہین لکڑی کی خاصی خوان صندوق تخت ستھری چوکیان ایک ہی تختی سی بناتی ہین کاریگری انکی یہ ہی کہ لکڑیکی چیزین بنانی مین جوڑ نہین لگاتی بعضی تخت راجہ کی اسباب مین ایک ہی لکڑی کی بمعہ پایون بنی ہوٗی دیکھنی مین آٔی چوڑاٗی ہر ایک کی البتّہ قریب دو گز کی ہوگی خوبی انہ مین یہ تھی کہ پاٗی جدی بناکو نہین لگای تھی اسی لکڑی کو کھودکر نکالی تھی

لڑاٗی کی ناوین جیسا کہ بنگالی مین کوس ناونکی قسم سی بنتی ہین ویسی ہی بناکر انکا ناون بچھاری رکھتی ہین انہ دونون مین سواٗ اسکی کچھہ اور بیچ نہین کہ کوس آگا پیچھا دو شاخہ بنتا ہی اور بچھاری کا آگا پیچھا برابر ایک تختی سی بناتی ہین کچھہ ایسی ڈھب بنتی ہین

هیں سر نہوڑا دو زانو ہو بیٹھی هیں آنکھیں نیچی هی رکھتی هیں اوپر نہیں اٹھاتی بایین دهنی نہیں تاکتی ڈاڑهی موچھیں بھوئیں سر کی بال منڈاتی هیں اگر انهه مین سی کوئی اس ریت سی ٹک پهلو تہی کری تو کہیں که اسنی بنگالی کی چال پکڑی اسی وقت پچهاڑکر ذبح کرتی هیں اسلیئی که دیکها دیکهی آگی کو رسم نه پکڑی

گدهی گهوڑی اونٹ اس ملک مین بهت کم کہیں کہیں هین بلکه حکم عنقا اور کیمیا کا رکهتی هین اور اشام کی مورکه گدهی جو گدهون سی جنسیت کا میل رکهتی هین اسلیئی انکی دیکهنی اور رکهنی کی چاهت انکی دلون مین بهت هی اپنی نادان پن سی انهپسر پیسی بهت لگاتی هین مهنگی سستی پر بند نہین رهتی جس مول کو ملی لیتی هین پیسی بیچنی والی کی خاطسرخواه دیتی هین اونٹ کا ڈول ڈیل دیکهکر بهت مگن هوتی هین گهوڑی کی صورت سی دیکهتی هی ڈرکر بهاگتی هین کهڑی نہین رهتی اگر هاتهه آوئی تو ترت پاؤن کاٹین یہان تک انکی دل مین اتی خطرا هی اگر ایک سوار سو اشامی اوپچی پر گهوڑا دوڑا آوئی تو سب کی سب هتهیار پهینک بهاگ جاوئین جو بهاگ نسکین تو هاتهه جوڑکر سامهنی کهڑی هو رهین پسر مسلمانون کی دس پیادی جو انکی ایک کی هاتهه آوئین تو بنا ماری نچهوڑی بی دهڑک یہان تک انهین رگیدی که ایک ایک کو پچهاڑی پیچها نچهوڑی جب تک که انهه سب کو صاف نکری هاتهیونکی بیچنی مین نپٹ بُرای اور سخت رسوائی سمجهتی هین کیسا هی کوی نہایت غریب نمانا هو پر اس کام کی کبهی لگ نہین لگتا

انکی بولی پورب زبان سی کچھ ملاپ نہین رکھتی بلکہ یہ اسکی وہ اسکی ضد ہی اور اس دیس کی مردون کی منہ پر مردانگی اور شجاعت برستی ہی اکثر انکی چہرون سی معلوم ہو جاتا ہی کہ ایسی لوگ من چلی ہین محنت مین اتنی بڑی محنتی سرکھپ ہین کہ انکی برابر ہونا مُشکل کیسا ہی کام دوبر انکی سامہنی آوئ اٹھا کر پی ہی جاتی ہین مرنی مارنی اور لڑنی بھڑنی مین بڑی سور بیر ہین کٹر بی رحم جھوٹھی جُل باز دھاندھلی کھوٹی بیمروت کھٹ بچھری ایسی کہ دنیا مین ہوتی نہین رنڈیون کی بالون کی سیاھی اور لمبائ چہری کی سرخی سُفیدی سیاھی نمکینی سانولاھٹ بدن کی ملایمت انگ کی چکناھٹ ھاتھ پاؤن کی سوڈولی رنگ کی صفای انکی صورت اور خصلت سی ظاھر ہی دور سی اچھی دکھائ دیتی ہین پر انکا سریر ٹھیک ٹھاک مین جیسا چاھئی ویسا نہین نزدیک سی جو دیکھی ہین تو معلوم ہوتا ہی کہ حسن وجمال سی بہت دور ہین گویا خوبصورتی انکو چھو نہین گئی وھانکی راجون کی عورتین اور رعیت کی ننگی سر کھولی بندون ھاٹ بازار گلی کوچون مین پڑی پھرتی ہین جنکی دو جورین ہین ایسی مرد وھان بہت کم ہین چار پانچ سی کسو کی کم نہین اور اپنی عورتون کو اپسمین بدلتی اور خرید فروخت کرتی ہین اس مین کچھ بُرائ نہین جانتی راہ وریت انکی یون آن پڑی ہی

اس قوم مین دوسری کا آداب اور بڑائ رکھنی کی راہ ورسم یہ ہی کہ جب راجا اور منتریون کی یہان لوگ جاتی ہین تو اپنی دونون گھٹنون کی بھل بیٹھی ہین اور پھوکن یعنی منتری جب راجا کی پاس آتی

کوئی لـــڑکا اپنی پرکھون کی اور بھائی چاری کی بنس مین جیتا نچھوڑا
جس ڈھب سی اسکو چھلنی گون پایا مار کھپایا اور بات الملک الّی بعد
لیلی لمن غلب کی کہ جسکا ترجمہ یہ ہی یہ ملک ابتک میرا ہی میری
پیچھی اسکا ہی جو تلوار کا دھنی ہوگا اپنی من پر لکھی تھی اگرچہ وہ
ہندون کی دھرم مین تھا پـــر اپنی تین بڑا ایک اوتار پیدا کرنی والی کا
جانتا خدا اس چیز سی جو ظالم کہتی ہین بہت بڑا ہی بتونکی سامھنی
اپنا سر نہ جھکاتا انکی پوجا سی منہ پھراتا اپنی اس ملک کی آدمیون کو
جتنی اسکی کہنی مین تھی نہ انھین کسی دین کی راہ پرلایا اور نہ کسو
پنتھ کی بیڑی مین پھنسایا جو چیز جسکی ہاتھ سی پاتی ہین شوق سی
بنـا پوچھی کچی چٹ کرتی ہین اپنی من مین اسکا کچھ دوس نہین
جانتی جو کام اپنی جی مین اچھا سمجھتی ہین وہی کرتی ہین اور جو
انکی نظر مین بُـرا لگتا ہی اسی ہاتھ اتھاتی ہین کسوکی ہاتھ کا کھانـا
پکا ہوا ہو کھاتی ہین خواہ مُسلمان کا ہو یا اور کسو ذات کا کچھ براؤ نہین
کرتی سوای آدمی کی سب کا گوشت کھاتی ہین خواہ مردار ہـــو خواہ
حلال دونون کو برابـــر جانتی ہین نہ اسمین کچھ بُرائی سمجھتی ہین نہ
اسمین کچھ بھلائی جانتی ہین اور چکنائی کھانی کا انکا سوبھاو ہی نہین
اپنی کھانی مین کبھی گھی نہین دیتی چکنی کھانی مین یہان تک
دوکھ جانتی ہین اگـــر اسمین سی کچھ چکناہٹ کی بو انکی ناک
مین پہنچی تو اس کھانی سی ہاتھ دھوین بھوکھی رہین پر اسمین
سی ایک نوالہ منہ مین ندیوین اگر کوئی انھین چھل کرکی کھلاوئی تو
دکھ پاوین کیونکہ عادت نہین

کرتی ہین اور یون بھی کہتی ہیں کہ جو کوئی اس دیس مین گیا جادو ٹونی سی وہ وہین کا ہو رہا پھر اپنی گھر کو نپھرا

وہانکی راجی نوکر چاکرون کی بہتایت اور مال متاع کی سرسای پیسی اور کٹک کی ادھکائی سی ہمیشہ مغرور ہین اور بہت سی جمعیت کام کی لوگونکی اور بڑی کنجر ہاتھی ڈرانی صورت کی اپنی یہان رکھتی ہین یہ راجا جی دھج سنگھ سرگی کہلاتا ہی اور سرگ ہندی زبان مین آسمان کو کہتی ہین اس گیدہ کا بد اعتقاد یہ ہی کہ ایک ہماری پرکھون مین سی آکاس کا راجا تھا اس دیس کی کام سنوارنی کی لیئی سونی کی سیڑھی سرگ سی لٹکاکی نیچی اترا اسکو جو یہ دھرتی بھائی پھر اوپر کا ارادہ نہ کیا یہین رہا اس شعر کا مضمون اسکی حق مین کیا خوب ہی — بیت —

زمیں کا کام تونی کیا سنوارا
فلک پر اب جو چاہی ہی سدھارا

حاصل یہ راجا لڑباولا شرمندی صورت گھمنڈ اور مکر آپن مین اپنی باپ دادی سی بڑھکر اور خون خرابی اور جی مارنی مین اگلونسی سرس تھا تھوڑی سی تقصیر مین بہت لوگون کو ستیاناس مین ملا دیتا یونہین ایک اپنی من کی دکھدا سی خلقت کی پاؤن مین بیڑیان بھرنا ساتھ اسکی کہ کوئی لڑکا اسکی نہ تھا اگر ہوتا تو بھلا ایک بات تھی اور اسکی جورو کی دھرن یعنی بچی دان لڑکی چھٹ کدھی لڑکا نلائی جب جنتی بیٹی جنتی کبھی ایسا نہوا کہ اسکا بیٹا پیدا ہوا اور اسکی ولایت کا ولی عہد بد نامی ہی انھ گنون سی وہ اپنی ساری دیس مین نامی ہی

تھوڑی دنون مین ماری بھوکھ کی تھکانی لگتی جو بچتی سو ماری جاتی اور پکڑی آتی اسی طرح بڑی بڑی فوجین اور بھاری بھاری دل اس اتھاہ بھنور مین زندگی کی کناری سی سر کی بھل ایسی گرتی کہ کہین انکا تھل بیڑا نہ ملتا — بیت —

اس بنکا ہر ایک کانٹا انگلی ہی اشاریکی
بلبل کی ہر ایک بولی آواز ہی پیاریکی

ایک بار ایسا اتفاق ہوا کہ حُسین شاہ نام ایک بنگالی کی بادشاہون مین سی بیس ہزار پیادی اور سوار نواڑی بیشمار اپنی ساتھ لیکر اس ملک مین لڑائی کی لیٹی آیا راجہ یہ خبر سنتی ہی اپنا دیس چھوڑ پہاڑون کو چڑہ گیا حُسین شاہ اپنی بیٹی کو بہت سی فوج کی ساتھ اس دیس کی سر کرنی کی واسطی وہان چھوڑ اپ ہٹکر بنگالی کٹین چلا آیا جد برکھا کی رت آئی اور راہ بات آنی جانی کی بند ہوی راجا پربتون سی نیچی اترا ان لوگون کو کہ جنھون نی حُسین شاہ کی بیٹی سی ملاپ کیا تھا اور اسکی رعیت ہو رہی تھی اپنی ساتھ لیکر شاہزادی کو کسی فن فریب سی مارا وہ بچارہ اور لشکر اسکا جتنا نہا تھوڑی دنون مین بنا کہانی پینی کی موا اور قید ہوا کہتی ہین کہ ایک جماعت اس دیس کی رہنی ہارون سی جو مسلمین کہلاتی ہین اس لشکر کی قیدیون کی اولاد ہی جو کوئی اس ملک مین گیا مرنی والون کی طرح وہان سی نہ پھرا اور وہانکی بس باسیون کا چلن بیوہار اج تک کسو پر نہ کھلا

ہندکی لوگ وہان رہنی والون کو جادوگر کہتی ہین اور آدم کی اولاد سی باہر جانتی ہین جادو اور منترون مین اس ملک کا نام داخل

جی جان سی جیتا جاگتا نہ پھـرا وھانکا رھین رھا جس کشک نی اس دھرتی مین پاؤن رکھا پھر اسمین سی کوئی نہ ھٹا سب مرمٹا اگلی وقت مین جو کوئی لشکر اس ملک کی لینی کا اور اپنی قبضی مین کرنی کا ارادہ کرتا اور جب اسکی سوانی مین اپنی چالاکی سی جا پہنچتا تـو وھانکی بدذات لوگ اس پرکئی بار آن پڑتی اگر انکی من کی منسا رات کی چھاپـا آنی سی نہ پوجتی اور مقصد کی رات حاجت کی صبح سی بدل نہ ھوتی تو راہ کی غریب غربا رعیت پرجا ایـک جگہ اکٹھا کر اپنی ساتھ لیکـر پہاڑون مین چلی جاتی اور ایک آدمی بھی کہین اس دیس مین نہ چھوڑتی فـوج کی لـوگ اپنی چوکی پہری سی اچیت ھو اس بھیانک راہ اور ھولناک میـدان سی جس مین بہت گہری ندی نالی لبالب اور گھنا ڈرانا بن جسی دیکھ انگ کا لوھـو کھڑی ھی سوکھ جاوی بی روک ٹوک دیس کی بیچ مین چلی آتی اس راہ مین کوئی انھین اتنا بھی نہ ٹوکتا کہ تم کہان سی آئی کدھر جاؤگی دوڑکی پـلکی سب چلتی چلتی راہ ھی مین جاڑی کی دن بیت جاتی کچھ تھوڑی سی جو گرمی ھوتی سو بھی ھـو چکتی پانی برسنی لگتا برسات آن پہنچتی تب وی ان پہاڑون سی پانی کی طرح اترکر لشکر کی چارون طرف نرغا کرلیتی انکی ساری لشکـر کو اپنی گھیری مین لی لیتی مین بھیگی مٹی کو چار بوندین بس ھین اس سیلی زمین مین جو چار بوندین پڑیـن تو گھوڑی کو چلنی کی سکت نرھی اگـر آدمی دو قـدم چلی تو چار پٹکن کھاوی اس گھیری ھوئی اچیت دل کـو بنا کھانی دانی کی لڑای کی امنگ اور انکی کھدیڑنی کا بوتا نرھتا

ڈالتا هی کستوری کی مرگ اشام کی پربتون مین بهی هوتی هین نافه انکا بهت بڑا اور بڑی بڑی دانون سی بهر هوا خوش رنگ هی اذفر اور عود کی بهاری رنگین خوشبو دار لکڑیون کی پیدا هونی کی جگه کامروپ اور سدیا اور لکهوکر کی پهاڑ هین

اگر هندوستان کی ڈهب سی اس مُلک مین عمل دخل کیا جاوی تو چالیس پینتالیس لاکه روپی کی آمد مال اور هاتهی جو رعیتون اور بن سی لیتی اور پکڑتی هین اور سب محصول ملاکر هو سکتی هی رعیت سی خزانه لینی کی ریت اس دیس مین نهین مگر یه هی که جس گهر مین مثلاً تین آدمی هون تو ایک انهه مین سی راجا کی خدمت مین رهتا هی جو چهه هون تو دو اور جس کام مین لگائی جاوین اگر اسمین جی چراوین سوای ماری جانی کی کچهه اور سزا نپاوین اسلیئی راجا کا حکم انهه لوگون پر جیسا چاهیئی چلتا هی کبهو کسی بادشاه کا اس ملک پر هاتهه نپڑا اور بیدیسی کی پاوں سی یه دیس پامال نهوا سدا وهان بتوهیون کی نکال پیتهال کی دوار بهڑی رهتی هین اور اسکی رهنی والی دوسری ملک مین جانی سی لنگڑی نه پرای کو اپنی دیس مین آنی نه اپنی کو دوسری کی ملک مین جانی دیوین اس فتور سی پهلی جو دیباجی مین مذکور هوا کچهه لوگ راجا کی پروانگی سی بیوپاریون کی ڈول برسوین دن مین ایک بار گواهٹی کی نزدیک اپنی سوانی مین آتی سونا مشک عود سیاه مرچ تیزپات ریشمی کپڑا لاتی نمک شوره هرتال کچهه اور جنس هندوستان کی جو گواهٹی کی لوگ وهان لیجاتی بدلاکر اپنی دیس کو چلی آتی غرض جتنا لشکر اس ملک کی سرحد مین جو کهین سی گیا تو پهر اپنی

ہوکر اسی ہتھنی گھاس سی ملی ہوئی کی پیچھی لگ لیتا ہی جب اس مہاوت نی یہ صورت دیکھی کہ یہ اسکا پیچھا نہین چھوڑتا تب ہتھنی کو اس جنگل سی آہستی آہستی لاکر اس احاطی مین داخل کرتا ہی وہ ہاتھی بھی اسکا ساتھ نہین چھوڑتا پیچھی لگا چلا آتا ہی اخر کو پکڑا جاتا ہی نواب نی بہتیرا چاہا کہ کسی بہانی ایک مہاوت انہمین سی ہاتھ آوی لیکن کوئی نہ آیا

سونا برمہاپتر کی ریت سی نکلتا ہی بارہ ہزار آشامی اسی کام پر نت لگی رہتی برس مین آدمی پیچھی ایک تولا سونا بہت کم قیمت ہی فی بہری آٹھ نو روپی کو بکتا ہی اسی زیادہ نہین اور لوگ کہتی ہین کہ برمہاپتر کی کناری کی بالو مین سب جگہ سی سونا نکل سکتا ہی پر جو لوگ کہ اسکی نکالنی سی واقف ہین وی سب آشامی ہین راجہ کی ملک مین کوڑی روپی اشرفی کا چلن ہی جو اسکی نام سی بنتی ہین اور اس دیس مین پیسی کی چال ہی نہین

میری سمجھی جو دو قوم ہین انکی رہنی کی پہاڑون مین جو پورب کو اشام کی اتر کول کی طرف کرگاون سی پندرہ دن کی راہ پر خوب آباد ہین ہاتھی اور مشک کی ہرن جنکی ناف سی نافی نکلتا ہی پیدا ہوتی ہین روپا تامبا رانگا انہین کی پہاڑون سی آتی ہین چلن بیوہار اس قوم کا آشام کی لوگون سی سراسر ملتا ہی اور انکی رنڈیون کا حسن اور خوبصورتی اشام کی عورتون سی کہین سرس بندوق سی بہت ڈرتی ہین اور کہتی ہین کہ یہ بہت بری چیز ہی کہ اپنی جگہہ سی ہلتی نہین وہین شور کرتی اور اسکی پیٹ کا بچہا نکل کر آدمی کو مار

کاٹ کر دھوپ مین سکھا کر آگ مین جلاتی ہین اسکی راکھ کپڑی مین باندہ چار لکڑیان زمین مین گاڑ اسپر وہ کپڑا راکھ سدھا ایک ڈھب سی باندھکر اسکی اوپر رہ کی پانی کو ڈالتی ہین اور نیچی ایک برتن رکھتی ہین جو پانی کہ اس مین بوند بوند ٹپک کر اکٹھا ہوتا ہی سو نمک کی جگہہ خرچ کرتی ہین پر اسکی نمکینی مین کڑواہٹ بہت رہتی ہی

مرغیان مرغابیان چھوٹی بڑی بطین بکریان خصی لڑاکی مرغ بہت بڑی بڑی اور کھانی مین مزی دار اور اکثر مرغ اس ملک کی لڑائی کی میدن سی بھاگنی مین بڑی آن رکھتی ہین دیکھنی مین آئی کہ اگر ایک مرغ دبلا پتلا بلہین موٹی تازی شہ زور کی سامھنی ہوگیا اتنا لڑاکا ماری خارون کی سر پھٹ کر ٹکری ٹکری ہوا اور بھیجا نکل گیا اور سینہ لوہو لہان ہو گیا اور اسی جگہہ مر مٹا پر اپنی حریف سی مُنہہ نہ پھیرا اور بیری کی اور پیٹھہ ندی ڈرانی صورت سپنڈ کنجر ہاتھی انہہ پربتون اور میدانون مین بہت اور مرگ پاڑھا نیلا اور تیتر کم کرگاون مین کئی چھوٹی چھوٹی کوٹ پنجری کی صورت بنی ہوئی تھی اور انکی چارون طرف مضبوطی کی واسطی اونچی موٹی بھاری لکڑی کڑی ہوئی اور انکی چارون اور دروازی رکھی ہوئی دیکھنی مین آئی تو انکی بنانی کا سبب وہانکی باشندون سی پوچھنی مین آیا وی بولی کہ راجہ کی خاص مہاوتون مین بعضی ہین کہ ایک قسم کی گھاس ہتھنی کی انگ پر ملکر اسی جنگل مین مست ہاتھی کی چرنی کی جگہہ لیجاتی ہین وہ پھڑکیل جانور اس گھاس کی بو سونگھتا ہی متوالا سا بی اختیار

بھٹکتی اسکی پہاڑون کا پانی اور ہوا مسافر اور رہنی والون کی لیئی نرا زہر ہی وی دونون انہ دونونکی لیئی مہا دُکھ دائی ہین میدان اسکا جو پہاڑون کی چارون طرف سی نرغی مین ہی اسلیئی ایسی جی رکتا ہی اور دل اچاٹ ہوتا ہی وہانکی پہاڑون کی اور میدان کی پتھرلمبائی مین اچھی موٹی اور ڈول ڈیل مین بھاری قدوقامت مین سُپنڈ دیکھنی مین آئی نہرین گہریان اور چوڑیان انگنت وہان نظر آئیان بعضیون مین کڑھی تھی اور بعضیان بن کڑھون قسم قسم کی پھول اور میوی ہند اور بنگالی کی اشام مین موجود ہین سوای انکنی اور طرح طرح کی پھول اور میوی جنگل اور باغون کی جو ساری ہندوستان مین نہین ہین سو وہان دیکھی گیئی ناریل اور نیم کی درخت کم ہین تیز پات اور مرچونکی بہت کیئی طرح کی لیمونکی کثرت ہی آمب بہت میٹھی بی ریشہ لیکن تھوڑا کڑی بہت اناس بڑی بڑی خوش چاشنی رس بھری گنتی سیاہ سفید لال بہت میٹھی لیکن اسکی سختی دانتون کو ہلاتی ہی اور ادرک کا بڑا بڑا چکا بہت نازک بی ریشہ مُنہ کا زیادہ کرتا ہی اور پنیالا ایک قسم انولی کی ہی ایسا خوش مزا چاشنی دار ہوتا ہی کہ جنکا ذایقہ درست اور منصف مزاج ہین اسی وی آلوچہ سی اچھا جانتی ہین بڑا محصول اس ملک مین وہان کا ہی لیکن چاول کا دانہ نہین اورلمبا بہت کم ہوتا ہی گیہون کو وہان کی لوگ نہین بوتی پر دھرتی اپجاؤ ہی اگر بوؤین اور جو کچھ لگاؤین تو بھلا اپجی اور لگی لون کی بڑی چاہ ہی پر ہاتھ نہین آتا بعضی پہاڑون مین ملتا ہی پر بہت کڑوا زبان پر رکھتی توکات ڈالی بعضی لوگ اس ملک کی کیلی درخت کو

جڑون مین هری هری کهیت بوئی هوئی اچهی اچهی باغ لگائی هوئی اور
لکهوکرسی کرگاون تک بهی اسی طرح کهیتیان بوئی هوئین رستی بنی
هوی بستیان بسی هوئین لوگون کی آنی جانی کی لئی کرگاون لگ
اونچی چوڑی چوڑی آلیون بنائی هوئین اس ملک مین کهیت اور باغ
کی زمین ایسی مهین سُرمه سی برابر کرتی هین جو آنکهه کی جوت
خطوط شعاعی تک دوڑی تو کچهه بهی اسمین اونچا نیچا نپاوئی کهیتونکی
بهتات اور بستیونکی کثرت اتر کول مین بهت هی پر مضبوطی کچهری
کی اور نگهبانی مکانون کی دکهن کول مین هی اسلئی اشام کی حاکمون
نی اپنی رهنی کی جگهه وهان بنائی هی زمین کی اس خطی کی اب وهوا
جو برمهاپتر کی عین کناری پر هی اس مین بسگت هویا نه هو مُسافر اور
مُقیم کی حق مین برابر اور جو زمین که اسکی کناری سی بهت دور پر
هی اسکی اب وهوا وهان کی رهنی والون کی لئی موافق اور پردیسیون
کی واسطی زهر برسات کی صورت یه هی که برابر اٹهه مهینی وهان پانی
برستا هی کسو مهینی مین ناغه نهین جاڑی کی رت مین جو روگ سردتر
هی وهانکی لوگونکی نسبت مسافرون سی زیاده لگاو رکهتا هی اور گرمی
کی دنون مین سودا گر جو سفر کا زیاده کرنی والا هی دیسیون سی
تپاک مین زیاده بی دیسیونکی ساتهه ملتا هی غرض جاڑا گرمی دونون
بی دیسیونکی خدمت بجالانی هین پر اس دیس کی رهنی هارون کو
بیماریان مُهلک اور روگ گهنا جیسا که کوڑه سفیدی فیلپا گهیگها
سانجر جو بنگالی مین بهت نهین هوتین سوای اسکی بهانت بهانت کی
روگ جو آدمیون کو بهت دنون تک لگی رهتی هین انکی پاس نهین

مُلک بنگالی کی اتّر اور پورب کی بیچ بسا ہوا برمھاپتر پورب سی پچھم کی طرف اسکی نیچی ہوکر بہتا ہی لمبائی اسکی پورب پچھم کو گواھٹی سی موضع سدیا تک اتّکل مین دو سی کوس جریبی ہی اور چوڑائی اسکی اتّر دکھن میری مجھی دفلا لاندا کی پہاڑون سی لیکر قوم نانگا کی پہاڑون تک انداز کی رو سی آٹھ دن کی راہ اور اسکی دکھن کی پربت خصیا اور کچھار اور کشمیر کی پہاڑون کی ساتھ لمبائی مین ملی ہوئی اور چوڑائی مین نانگونکی رھنی کی پربتون سی بھڑی ہوئی اور اسکی شمال کی پہاڑ طول مین کامروپ کی اونچی پہاڑون کی سنگ لگی ہوئی اور غرض مین دفلا ولاندا کی بڑی اونچی پہاڑون کی سامھنی اُٹھی ہوئی برمھاپتر کی اتّر کی دھرتی اتّر کول اور اسکی دکھن کی کناری کی زمین کو دکھن کول کہتی ھین اتّر کول کی لمبائی گواھٹی سی قوم میری مجھی کی بودباش تک اور دکھن کول کی درازی نکٹی رانی کی مُلک سی موضع سدیا تک ھی اکثر اس گرد کی پہاڑیٹی اشام کی راجا کو تسلیم نہین کرتی پر اسکا بڑا پسا رکھنی کی لیٔی اپنا سر اسکی سامھنی نہوڑتی ھین اور کچھ اسکا تھوڑا سا حکم بھی مانتی ھین مگر دفلا کی لوگ اسکی غلامی کی بیڑی پاؤن مین نہین رکھتی بلکہ کبھی کبھی آنکر راجا کا مُلک لوٹ لیجاتی ھین کلیابر گاون سی لیکر کر گاون تک جگہ پر اچھی گھر بنی ستھری باغ میونکی درختون سی بھری راہ کی دونون طرف اچھی بانسونکی جھنڈولی جھاڑ سایہ دار آسھان سی باتین کر رھی جنگل اور باغ بھانت بھانت کی خوشبو پھول پھولی ہوئی جنکی بوباس سی ساری جنگل میدان باغ مھک رھی نیکی جنگل سی پہاڑ کی

مین طرف الله کی اوپر بینائی کی مین اور جتی متابعت کی میری اور
پاکی بیان کرتاهون واسطی الله کی اور مین نهین شرک لانی والون
سی ۱۰۹ اور نهین بهیجا همنی پهلی تجهسی مگر مرد که وحی بهیجتی
تهی طرف اُنکی رهنی والی بستیونکی سی کیا نهین سیر کی بیچ زمین
کی پس دیکهتی کیونکر هوا آخرکام اُن لوگون کا که پهلی اُن سی تهی
اور البته گهر آخرت کا بهتر هی واسطی اُن لوگون کی که پرهیز کرتی هین
کیا پس نهین سمجهی تم ۱۱۰ یهان تلک که جب نا امید هوئی پیغمبر
اور گمان کیا انهون نی یه که اُن سی لوگون نی تحقیق جهوٹ بولا آئی
اُنکی پاس مدد هماری پس نجات دیا گیا جو شخص که چاهتی تهی هم
اور نهین پهر جاتا عذاب همارا قوم گناهگار سی ۱۱۱ البته تحقیق هی
بیچ قصون انکیکی نصیحت واسطی صاحبون عقل کی نهین هی بات
که بانده لیجاوئی ولیکن سچا کرنی والی اس چیزکو که آگی اسکی هی
اور تفصیل هر چیز کی اور هدایت اور رحمت واسطی اس قوم کی که
ایمان لانی هین

ذکر اشام دیس کی اکثر خواص اور اسکی لمبائی
چوڑائی اور کچالی اشامیونکی چال ڈهال اور اسکی بُرائی مین

اشام ایک دیس هی بهینک اداس دل اچهٹ برمهپتر کی کنری

ما باپ اپنی کـواوپـر تخت کی اور گری واسطی اسکی سجدہ کرتی
ہوئی اور کہا ای باپ میری یہ ہی تعبیر خواب میری پہلی کی تحقیق
کردیا اسکـو پروردگار میری نی سچ اور تحقیق احسان کیا ساتھ میری
جسوقت نکالا میری نیں قید خانی سی اور لی آیا تمھاری تیں جنگل سی
پیچھی اس سی کہ جھگڑا ڈال دیا تھا شیطان نی درمیان میری اور درمیان
بھایون میری کی تحقیق پروردگار میرا لطف کرنیوالا ہی جس چیز کو
چاہیں تحقیق وہی ہی جاننیوالا حکمت والا ۱۰۱ ای پروردگار میری
تحقیق دی تونی میری تیں کچھ بادشاھی اور سکھلائی تونی میری تیں
تعبیر خوابونکی یعنی باتونکی ای پیدا کرنیـوالی آسمانون کی اور
زمین کی توی ہی دوست یعنی کارساز میرا بیچ دنیا کی اور آخرتکی
قبض کر میری تیں مطیع اپنـا اور ملا دی میری نیں ساتھ صالحونکی
۱۰۲ یہ ہی خبرون غیب کی سی وحی کرتی ہین ہم طرف تیری اور
نتھا نزدیک انکی جسوقت کہ مقرر کیا انھون نی کام اپنا اور وہ مکـر
کرتی تھی ۱۰۳ اور نہین اکثر لوگ اور اگرچہ حرص کری تـو ایمان
لانیوالی اور نہین مانگتا تو ان سی اوپر اسکی کچھ بدلا نہین یہ مگـر
نصیحت واسطی ساری جہـانکی ۱۰۵ اور کتنی نشانیـان ہین بیچ
آسمانون کی اور زمین کی کہ گذرتی ہین اوپـر انکی اور وہ انسی منہ
پھیرنیوالی ہین ۱۰۶ اور نہین ایمان لاتی اکثر انکی ساتھ اللہ کی مگر
اور وہ شرک لاتی والی ہین ۱۰۷ آیـا پس نڈر ہوئی اس بات سی کہ
آوی اُنکی پاس ڈھانکنی والی عذاب خدا کی سی یا آوی اُنکی پاس
قیامت ناگھان اور وہ نہ جانتی ہون ۱۰۸ کہ یہ ہی راہ میری پکارتا ہون

جانتی هو تم که کیا کیا تها تمنی ساتهه یوسف کی اور بهائی اسکیکی جب
تم تهی جاهل ۹۰ کہا انهون نی کیا تحقیق توی هی یوسف کہا که
مین یوسف هون اور یه بهائی میرا هی تحقیق احسان کیا الله نی اوپر
هماری تحقیق جو کوئی پرهیزگاری کری اور صبر کری پس تحقیق الله
نهین ضایع کرتا ثواب احسان کرنیوالونکا ۹۱ کہا انهون نی قسم هی
خدا کی که تحقیق پسند کیا تجهکو الله نی اوپر هماری اور تحقیق تهی
هم البته خطاوار ۹۲ کہا نهین سرزنش اوپر تمهاری آج کی دن بخشیگا
الله واسطی تمهاری اور وه بهتر رحم کرنیوالا هی سب رحم کرنیوالون سی
۹۳ لیجاؤ کرتا میرا یه پس ڈال دو اسکو اوپر منه باپ میریکی آوبگا بینا
هوکر اور لی آؤ میری پاس اهل اپنی کو سب کو ۹۴ اور جب جدا هوا
قافله کہا باپ اُن کی نی تحقیق مین پاتا هون بو یوسف کی اگر نه
بهکا هوا کهو مجهکو ۹۵ کہنی لگی قسم هی خدا کی تحقیق تو البته
بیچ وهم اپنی قدیم کی هی ۹۶ پس جب آیا خوشخبر لانیوالا ڈالدیا
اس کُرتی کو اوپر منه اسکیکی پس هو گیا بینا ۹۷ کہا کیا نه کہا تها
مین نی واسطی تمهاری تحقیق مین جانتا هون الله تعالی کی طرف سی
جو کچهه تم نهین جانتی ۹۸ کہا انهون نی ای باپ هماری بخشش
مانگ واسطی هماری گناهون هماریکی تحقیق همین تهی خطا
کرنیوالی ۹۹ کہا البته بخشش مانگونگا مین واسطی تمهاری پروردگار
اپنی سی تحقیق وه بخشنیوالا مهربان هی ۱۰۰ پس جب داخل
هوئی اوپر یوسف کی جاگهه دی طرف اپنی مان باپ اپنی کو اور کہا
که داخل هو مصر مین اگر چاها هی خدا نی امن سی ۱۰۱ اور چڑهایا

که پروانگی دی مجھکو باپ میرا یا حکم کری الله واسطی میری اور وہ
بہتر حکم کرنیوالا ھی ۸۱ پھر جاؤ طرف باپ اپنی کی پس کہو ای
باپ ھماری تحقیق بیٹی تیری نی چوری کی اور نہ شاھدی دی تھی
ھمنی مگر جو کچھ که ھم جانتی تھی اور نہ تھی ھم واسطی غیب کی
نگہبان ۸۲ اور پوچھ لو اس بستی سی که تھی ھم بیچ اسکی اور اس
قافلی سی که لائی ھم بیچ اسکی اور تحقیق ھم البته سچی ھین ۸۳ کہا
بلکه بنای ھی واسطی تمھاری جی تمھاری نی ایک بات پس صبر
بہتر ھی شتاب ھی که الله لی آوی میری پاس اُن سبکو اکٹھا تحقیق وھی
ھی جاننی والا حکمت والا ۸۴ اور منہ پھیرا اُن سی اور کہا ای
افسوس اوپر یوسف کی اور سفید ھو گئین انکھین اسکی یعنی یعقوب
کی غم سی پس وہ بھرا ھوا تھا غم سی ۸۵ کہا انھون نی قسم ھی خدا
کی که ھمیشه رھیگا تو یاد کرتا یوسف کو یہان تلک که ھو جاوی تو
مضمحل یا ھو جاوی تو ھلاک ھونیوالون سی ۸۶ کہا سوا اسکی نہین
که شکایت کرتا ھون مین بی قراری اپنی کی اور غم اپنی کی طرف الله
کی اور جانتا ھون مین خدا کی طرف سی جو کچھ که تم نہین جانتی
۸۷ ای بیٹو میری جاؤ پس خبر لو یوسف سی اور بھائی اسکی سی اور
مت نا امید ھو رحمت الله کی سی تحقیق نہین نا امید ھوتی رحمت الله
کی سی مگر قوم کافر ۸۸ پس جب داخل ھوی اوپر اسکی کہا انھون
نی ای عزیز لگی ھمکو اور اھل ھماری کو سختی اور لائی ھین ھم پونجی
تھوڑی پس پورا دی واسطی ھماری مپان اور خیرات کر اوپر ھماری
تحقیق الله ثواب دیتا ھی صدقه دینی والونکو ۸۹ کہا که کیا

هون ۷۳ کہا انهون نی قسم هی خدا کی تحقیق جانتی هو تم کہ نهین
آئی هم تو کہ فساد کرین بیچ زمین کی اور نهین هم چور ۷۴ کہا پس
کیا هی سزا اسکی اگر هو تم جهوٹی ۷۵ کہا انهون نی سزا اسکی یہ
هی جو شخص کہ پایا جاوی بیچ شلیتی اسکیکی پس وهی هی بدلا ایسی
طرح جزا دیتی هین هم ظالمون کو ۷۶ پس شروع کیا سانهہ شلیتون
انکیکی پہلی شلیتی بهائی اپنی کی پهر نکال لیا اسکو شلیتی بهائی اپنی
کی سی ایسیطرح مکر کیا همنی واسطی یوسف کی نه تها کہ لی سکتی
بهائی اپنی کو بیچ دین بادشاہ کی مگر یہ کہ چاهی الله بلند کرتی هین
هم درجون مین جسی چاهین اور اوپر هر جاننی والی کی جاننی والا
هی ۷۷ کہا انهون نی اگر چراوی یہ پس تحقیق چرایا تها ایک بهائی
اسکی نی پہلی اس سی جهپایا اسکو یوسف نی بیچ جی اپنی کی اور
نه ظاهر کیا اسکو واسطی انکی کہا کہ تم بری هو جاگہہ مین اور الله بهتر
جانتا هی جو کچهہ بیان کرتی هو تم ۷۸ کہا انهون نی ای سردار
تحقیق واسطی اسکی باپ هی بوڑها بزرگ پس لیلی ایک کو هم مین
سی جاگہہ اسکی تحقیق هم دیکهتی هین تیری تئن احسان کرنیوالون
سی ۷۹ کہا پناہ هی الله کی کہ لیلیوین هم سوا اس شخص کی کہ پائی
هی همنی چیز اپنی نزدیک اسکی تحقیق هم اسوقت البتہ ظالمونسی
هون ۸۰ پس جب نا امید هوی اس سی اکیلی بیٹهی مصلحت کرتی
هوی کہا بڑی انکی نی کیا نهین جانتی تم یہ کہ باپ تمهاری نی
تحقیق لیا تها اوپر تمهاری عهد خدا کا اور پہلی اس سی کیا تقصیر کی
تهی بیچ یوسف کی پس هرگز نہ ٹلونگا مین اس زمین سی یهان تلک

اور اناج لاوینگی واسطی لوگون اپنی کی اور محافظت کرینگی هم بهائی
اپنی کی اور زیاده لاوینگی هم مپان ایک اونٹ کا یه مپان هی آسان
٦٦ کہا کہ هرگز نه بهیجونگا اسکو ساتهه تمهاری یهان تلک که دو تم
میری تئین قول الله کا البته لی آوگی تم اسکو میری پاس مگر یه که گهیری
جاؤ تم سبکو پس جب دیا انهون نی اسکو عهد اپنا کہا الله اوپر اس چیز
کی که کهتی هین تم کارسازهی ٦٧ اور کہا ای بیٹو مت داخل هو جیو
دروازی ایک سی اور داخل هو جیو دروازون متفرق سی اور نهین کفایت
کرتا مین تمکو خدا کی طرف سی کچهه نهین حکم مگر واسطی الله کی
اوپر اُسی کی توکل کیا مین نی اور اوپر اسیکی پس چاهیئی توکل کرین
توکل کرنیوالی ٦٨ اور جب داخل هوی جیسی حکم کیا تها ان کو باپ
ان کی نی نه تها که کفایت کری انکو خدا سی کچهه مگر ایک خطره
تها بیچ دل یعقوب کی که کڈالا اسکو اور تحقیق وه البته صاحب علم
تها واسطی اس چیز کی که سکهایا تها همنی اسکو ولیکن اکثر لوگ نهین
جانتی ٦٩ اور جب داخل هوئی اوپر یوسف کی جاگه دی طرف اپنی
بهائی کو کہا که تحقیق مین هی هون بهائی تیرا پس مت غمگین هو ساتهه
اس چیز کی که نهی کرتی ٧٠ پس جب تیار کیا واسطی انکی سامان
انکا رکهه دیا ایک پیالا مرصع پانی پینی کا بیچ شلیتی بهائی اپنی کی پهر
پکارا ایک پکارنیوالی نی ای قافلی والو تحقیق البته چور هو ٧١ کہا
انهون نی اور منه پهیر کهڑی هوئی اوپر انکی کیا چیز کهوئی گئی هی
تمهاری ٧٢ کہا انهون نی کهویا گیا پیالا بادشاه کا اور واسطی اس
شخص کی که لی آوی اسکو بوجهه هی اونٹ کا اور مین ساتهه اسکی ضامن

تها اسمین سی جہان چاهتا تها پہنچا دیتی هین هم رحمت اپنی جسکو
چاهین اور نہین ضایع کرتی هم ثواب احسان کرنیوالونکا ۵۷ البتہ
ثواب آخرت کا بہتر هی واسطی ان لوگون کی که ایمان لائی اور تهی
پرهیزگاری کرتی ۵۸ اور آئی بهائی یوسف کی پس داخل هوئی اوپر
اسکی پس پہچانا انکی تیئں اور وہ واسطی اسکی ناشناس تهی ۵۹ اور
جب تیار کیا واسطی انکی سامان انکا کہا که لی آؤمیری پاس بهائی اپنا
جو باپ تمهاری سی هی کیا نہین دیکهتی تم که مین پورا دیتا هون مپان
اور مین بہتر مہمانی کرنیوالا هون ۶۰ پس اگر نه لاؤگی تم اسکو پس
نہین مپان واسطی تمهاری نزدیک میری اور نه آیئو پاس میری ۶۱ کہا
انهون نی شتاب پهسلا دینگی هم پاپ اسکی سکو اور هم البتہ کرنیوالی
هین ۶۲ اور کہا واسطی جوانون اپنی کی رکهو پونجی ان کی بیچ
شلیتون انکی کی شاید که وہ پہچانی اسکو جب پهر جاوین طرف
لوگون اپنی کی شاید که وہ پهرآؤین ۶۳ پس جب پهرآئی طرف
باپ اپنی کی کہا انهون نی ای باپ هماری منع کیا گیا هی همسی
مپان پس بهیج ساتهہ هماری بهائی هماریکومپان کرلاؤین هم اور هم واسطی
اسکی البتہ نگهبان هین ۶۴ کہا که نہین امانت والا جانتا مین تمکو
اوپرا اسکی مگر جیسا امانت دار جانا تها مین نی تمکو اوپر بهائی
اسکیکی پهلی اُسی پس الله بہتر محافظت کرنیوالا هی اور وہ بہت رحم
کرنیوالا هی سب رحم کرنیوالون سی ۶۵ اور جب کهولا انهون نی
اسباب اپنا پائی پونجی اپنی پهیری گئی طرف اُنهیکی کہا اُنهون نی ای
باپ هماری کیا چاهین هم یہ هی پونجی هماری پهیری گئی طرف هماری

مین سی جو کھاؤ تم ۴۸ پھر آوینکی پیچھی اسکی سات برس سخت
کھا جاوینگی جو کچھ پہلی رکھا تمنی واسطی انکی مگر تھوڑا سا جو بچا
رکھو تم واسطی بیج کی ۴۹ پھر آویگا پیچھی اسکی برس بیچ اسکی
مینہ برسائ جاوینگی لوگ اور بیچ اسکی نچوڑینگی ۵۰ اور کہا بادشاہ
نی کہ لی آؤ میری پاس اسکو پس جب آیا اسکی پاس رسول یعنی
ایلچی کہا کہ پھر جا طرف خاوند اپنی کی پس پوچھ اسی کیا حال ھی
ان عورتون کا جنھون نی کاٹی تھی ھاتھ اپنی تحقیق پروردگار میرا مکر
انکیکو جانتا ھی ۵۱ کہا کہ کیا حال تھا تمھارا جسوقت پھسلایا تھا
تمنی یوسف کو جان اسکی سی کہا انھون نی پاکی ھی واسطی اللہ کی
نہین جانی ھمنی اوپر اسکی کچھ برائ کہا عورت عزیز کی نی اب کھل
گیا حق مین نی پھسلایا تھا اسکو جان اسکی سی اور وہ البتہ سچون
سی ھی ۵۲ کہا یوسف نی یہ تحقیقات اسواسطی کری ھی تو کہ جانی
